Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعہ 28 فروری 2025، 29 شعبان المعظم 1446ھ۔ قیمت 10 روپے | شمارہ 309

آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کے 6 برس گزرنے کے موقع پر افواج کی جرات و بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قربانی کے جذبے کو خراج تحسین پیش

آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ میں پاک فوج نے دشمن کو توڑ جواب دیا، وزیراعظم

بھارت کی خطے میں جارحیت کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے ہماری افواج نے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان کی سلامتی کیلئے ہمارے جوان ہر دم تیار ہیں

پوری قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر ہے، افواج پاکستان کی ملک کی حفاظت کی خاطر عظیم قربانیاں ہیں جسے پاکستانی قوم کبھی فراموش نہیں کر سکتی

صدر مملکت آصف زرداری نئے شامل ہونیوالے کابینہ اراکین سے حلف لے رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کے چھ برس گزرنے کے موقع پر افواج پاکستان کی جرات و بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قربانی کے جذبے کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ آج سے چھ برس قبل 27 فروری 2019 کے دن پاکستان ایئر فورس کی جانب سے دشمن کو ایک واضح پیغام دیا گیا کہ پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، بھارت کی خطے میں جارحیت کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے ہماری افواج نے یہ ثابت کر دیا کہ (بقیہ نمبر 45)

صوبائی وزیر اقلیتی امور میش سنگھ خوشحالی فیلوشپ کے بغیر لیفٹر تقسیم کر رہے ہیں

اسرائیل مظالم کی دل دہلا دینے والی داستانیں سامنے آگئیں

اسرائیلی جیلوں سے 642 فلسطینی قیدی رہا، 500 غزہ، درجنوں مغربی کنارے اور 97 مصر پہنچائے گئے

قید سے واپس آنیوالے قیدیوں کی حالت انتہائی خراب تھی، کچھ کے اعضا نہیں تھے اور ممکنہ طور پر تشدد کر کے ان کو معذور کیا گیا

غزہ (این ای این) اسرائیل نے حماس کے ساتھ جنگ بندی اور قیدیوں کے تبادلے کے معاہدے کے تحت 642 فلسطینی قیدیوں کو رہا کر دیا، جن میں سے 500 غزہ، درجنوں مغربی کنارے اور 97 مصر پہنچائے گئے۔ رہائی پانے والے فلسطینی قیدیوں کو یورپی اسپتال غزہ میں طبی معائنے کیلئے لے جایا گیا، جبکہ مغربی کنارے میں قیدیوں کا والہانہ استقبال کیا گیا۔ کئی قیدیوں نے زندگی بھر کی سزائیں (بقیہ نمبر 19)

کشتی حادثہ، جاں بحق 6 پاکستانیوں کی میتیں وطن پہنچا دی گئیں

افسوسناک واقعے پر لواحقین کے غم میں شریک ہیں، 5 فروری کو پیش آنیوالے سانحے نے ملک کے کئی خاندانوں کو سوگ میں ڈال دیا

واضح رہے 5 فروری کو سمندر کے راستے لیبیا سے اٹلی جانے والی کشتی کو حادثہ پیش آیا تھا، حادثے میں 26 پاکستانی جاں بحق ہوگئے

اسلام آباد (این ای این) لیبیا کشتی حادثے میں جاں بحق 6 پاکستانیوں کی میتیں وطن پہنچا دی گئیں۔ وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر میتیں وصول کیں، میتوں میں مصور حسین، شعیب علی، عابد حسین، شعیب حسین، مصائب حسین کا تعلق کرم سے تھا جبکہ اورکزئی کے محمد علی شاہ کی میت بھی واپس لائی گئی ہے۔ ریاض حسین پیرزادہ نے کہا کہ افسوسناک (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: ابوظہبی کے ولی عہد اور ابوظہبی ایگزیکٹو کونسل کے چیئرمین شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔

بجلی کمپنیوں کو سوئیٹنگ صارفین سے 18 فیصد ٹیکس وصولی کا حکم

کمپنیاں سپلائی پر 8 فیصد سیلز ٹیکس وصول کریں، کے الیکٹرک سپلائی کمپنی بھی صارفین سے 18 فیصد سیلز ٹیکس وصولی کرے

قانون کے مطابق ٹیکس کی عدم وصولی سے خزانے کو سالانہ 9 ارب 38 کروڑ روپے نقصان ہو رہا ہے، ایف ٹی او

اسلام آباد (این ای این) وفاقی ٹیکس محتسب نے سولر نیٹ میٹرنگ کے تحت صارفین سے 18 فیصد سیلز ٹیکس وصولی کا فیصلہ جاری کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی ٹیکس محتسب (ایف ٹی او) کا فیصلے میں کہنا تھا کہ تمام بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں بجلی کی سپلائی پر 18 فیصد سیلز ٹیکس وصول کریں، کے الیکٹرک سپلائی کمپنی بھی صارفین سے 18 فیصد سیلز ٹیکس وصولی کرے۔ وفاقی ٹیکس محتسب کے مطابق بجلی تقسیم (بقیہ نمبر 59)

ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خالد بن محمد وفد کے ہمراہ اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (این ای این) ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان وفد کے ہمراہ سرکاری دورے پر پاکستان پہنچ گئے۔ نور خان ایئربیس پہنچنے پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف نے معزز مہمان کا والہانہ استقبال کیا، ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان کو بچوں نے گلدستے پیش کئے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، (بقیہ نمبر 2)

نائب ازبک وزیر دفاع کی جنرل ساحر شمشاد سے ملاقات

دوطرفہ سٹریٹجک دلچسپی کے امور، خطے کی بدلتی سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این ای این) ازبکستان کے نائب وزیر دفاع میجر جنرل برخانوف احمد جمالو وچ نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد سے ملاقات کی جس میں دو طرفہ سٹریٹجک دلچسپی کے امور، خطے کی بدلتی سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ازبکستان کے نائب وزیر دفاع میجر جنرل برخانوف احمد جمالووچ جوائنٹ سٹاف ہیڈکوارٹرز پہنچے جہاں تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستوں نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ازبک نائب وزیر دفاع نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا سے ملاقات کی جس میں فریقین نے دوطرفہ سٹریٹجک دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال اور خطے کی بدلتی سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فریقین (بقیہ نمبر 3)

سٹیٹ بینک مالیاتی ادارے یکم رمضان کو بند رہیں گے

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ 2 مارچ 2025 کو شروع ہونے کا امکان

کراچی (این ای این) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ زکوٰۃ کی کٹوتی کے مقصد کیلئے تمام بینک اور مالیاتی ادارے یکم رمضان کو بند رہیں گے۔ توقع (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی کے نجی سکول کی سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب میں بچے ٹیبلو پیش کر رہے ہیں

رمضان المبارک میں گیس فراہمی بندش کا شیڈول جاری

سحری و افطار کے وقت گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی، سہ پہر ساڑھے 3 سے رات 10 بجے تک گیس فراہم کی جائیگی

رات 3 سے صبح 9 بجے تک گیس فراہم کی جائیگی، صبح 9 سے سہ پہر ساڑھے 3 بجے تک گیس بند ہوگی

لاہور (این ای این) ترجمان سوئی سدرن نے رمضان المبارک میں گیس کی فراہمی اور بندش کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ ترجمان کے مطابق سحری و افطار کے وقت گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی، سہ پہر ساڑھے 3 سے رات 10 بجے تک گیس فراہم کی جائیگی، رات 3 سے صبح 9 بجے تک گیس فراہم کی جائیگی، صبح 9 سے سہ پہر ساڑھے 3 بجے تک گیس بند ہوگی، رات 10 سے رات 3 بجے تک گیس (بقیہ نمبر 7)

چکول کھیل کود کے دوران بہن کے ہاتھوں بھائی مارا گیا

بچے کھیل رہے تھے اور کھیل کے دوران گولی چلنے پر بھائی شدید زخمی ہوگیا، ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے چیک اپ کیا

بچے جانچ پڑتال کی گئی تو اس میں زندگی کی کوئی علامات باقی نہیں تھیں، جاں بحق لڑکے کی شناخت 11 سالہ عبدالواسع نام سے ہوئی

چکوال (این ای این) سرگودھ غربی میں کھیل کے دوران بہن سے گولی چلنے پر بھائی جاں بحق ہوگیا۔ تفصیل کے مطابق بچے کھیل رہے تھے اور کھیل کے دوران گولی چلنے پر بھائی شدید زخمی ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کے ریسکیورز موقع پر پہنچے بچے کی جانچ پڑتال کی گئی تو اس میں زندگی کی کوئی علامات باقی نہیں تھیں، جاں بحق لڑکے کی شناخت 11 سالہ عبدالواسع (بقیہ نمبر 15)

سیکرٹری ہیلتھ پنجاب عظمت سعید الائیڈ ہسپتال میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں جبکہ کمشنر فیصل آباد بھی موجود ہیں

پولیس سٹیشن کے قریب بس کے اندر خاتون سے زیادتی

واقعہ ایک ایسے مقام پر پیش آیا جو پولیس سٹیشن سے محض 100 میٹر کی دوری پر تھا

نئی دہلی (این ای این) بھارتی شہر پونے کے مصروف علاقے سوارگیٹ بس سٹینڈ میں ایک 26 سالہ خاتون کے ساتھ زیادتی کا واقعہ پیش آیا ہے۔ مبینہ زیادتی ایک بس میں کی گئی۔ حیران کن طور پر یہ واقعہ ایک ایسے مقام پر پیش آیا جو پولیس سٹیشن سے محض 100 میٹر کی دوری پر تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم دتاتریہ رامداس کی شناخت سی سی ٹی وی فوٹیج کے (بقیہ نمبر 46)

صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین متحدہ علماء بورڈ پنجاب کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ سندھ کا ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کارروائی کا حکم

مراد علی شاہ کی بازاروں میں معیاری اشیاء کی وافر و سستی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

کراچی (این ای این) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے رمضان کے دوران ذخیرہ اندوزوں کیخلاف سخت کارروائی کرنیکا حکم دیتے ہوئے بازاروں میں معیاری اشیاء کی وافر و سستی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیر (بقیہ نمبر 61)

ECP، پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات کیس 4 مارچ کو سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (این ای این) الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات کیس 4 مارچ کو سماعت کیلئے مقرر کر دیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 60)

وفاقی حکومت بھی شہریوں کے استحصال میں قصوروار

شہری اداروں کے ملازمین کیساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیوں؟ میڈیا سے گفتگو

کراچی (این ای این) رہنماء ایم کیو ایم فاروق ستار نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت بھی کراچی کے شہریوں کے استحصال میں قصوروار ہے، کراچی کے 25 ٹاؤنز نے ریٹائر ملازمین کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے، شہری اداروں کے ملازمین کیساتھ سوتیلی ماں (بقیہ نمبر 62)

کرنل شیر خان انٹرچینج، مزدہ گاڑی کو حادثہ، ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

اسلام آباد (این ای این) کرنل شیر خان انٹرچینج کے قریب مزدہ گاڑی کو حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی ہوگیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق کرنل شیر خان (بقیہ نمبر 63)

پریس کلب کے باہر پروگیسوالائنس کی جانب سے امن و سلامتی حقوق کے بارے احتجاج جاری ہے

اپوزیشن کی کانفرنس کو روکنا قابل مذمت ہے، عمر ایوب

اشتہار چھاپنے سے ترقی نہیں ہوتی، ملک میں اس وقت افراتفری ہے، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (این ای این) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور رہنما پی ٹی آئی عمر ایوب نے کہا ہے کہ کانفرنس میں آئین اور قانون کی بالادستی کی بات ہوئی، سب نے پاکستان کی بقا کا تحفظ کرنے کا حلف اٹھایا ہے، اپوزیشن کی کانفرنس کو روکنا قابل مذمت ہے۔ اپوزیشن قومی کانفرنس کے دوسرے روز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ملک (بقیہ نمبر 58)

فیصل آباد۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری شعبہ جاتی کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہیں

سعودی گروپ معدنیات میں 150 ملین ڈالر سرمایہ کاری پر رضامند

انفال گروپ کا پنجاب کے ضلع خوشاب کے قریب 150 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری سے معدنی کمپلیکس قائم کرنے کا اعلان کیا

انفال گروپ، انفال سیمنٹ، راک سالٹ پر مشتمل سعودی کمپنی ہے جو سیمنٹ، راک سالٹ کی پیداوار، ترسیل میں مہارت رکھتی ہے

اسلام آباد (این ای این) ایک خوش آئند پیشرفت میں سعودی عرب کے انفال گروپ نے پنجاب کے ضلع خوشاب کے قریب 150 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری سے معدنی کمپلیکس قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انفال گروپ، انفال سیمنٹ اور انفال راک سالٹ پر مشتمل ایک سعودی کمپنی ہے جو سیمنٹ اور راک سالٹ کی پیداوار اور ترسیل میں مہارت رکھتی ہے۔ یہ کمپنی سعودی انفال گروپ کے نام (بقیہ نمبر 64)

صوبائی وزیر اقلیتی امور میش سنگھ اروڑہ کا گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں خوشحالی فیلوشپ پروگرام میں شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

معروف امریکی اداکارہ 39 سال کی عمر میں انتقال کر گئیں

نیویارک (این ای این) مشہور امریکی اداکارہ مشیل ٹرنچٹن برگ 39 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ وہ اپنے مشہور ٹی وی ڈراموں فی دی ویپائر سلیئر اور گوسپ (بقیہ نمبر 54)

دبئی کو مطلوب ملزم بارے جیل انتظامیہ، ایف آئی اے سے ریکارڈ طلب

پشاور (این ای این) پشاور ہائی کورٹ نے دبئی پولیس کو مطلوب ملزم بارے جیل انتظامیہ، ایف آئی اے سے ریکارڈ طلب کر لیا۔ جمعرات کو پشاور ہائیکورٹ میں قائم (بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد میں بیٹھ کر چند افراد گفتگو بھی نہیں کر سکتے، حامد رضا

سندھ سے آئے یہ رہنما اپنے لوگوں کو کیا جواب دیں گے؟، سربراہ سنی اتحاد کونسل

اسلام آباد (این ای این) سربراہ سنی اتحاد کونسل صاحبزادہ حامد رضا نے کہا ہے کہ اب اسلام آباد میں بیٹھ کر چند افراد گفتگو بھی نہیں کر سکتے، آج اس کنونشن کو روکنے کی کوشش کی گئی۔ جمعرات کو اپوزیشن قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ تمام سینیٹ اور قومی اسمبلی کے ارکان ہیں، سندھ سے آئے یہ رہنما اپنے لوگوں کو کیا جواب (بقیہ نمبر 65)

5 من سے زائد منشیات برآمد، 6 منشیات فروش گرفتار

ملزمان کیخلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع

راولپنڈی (این ای این) اے این ایف نے مختلف کارروائیوں میں ایک کروڑ 71 لاکھ روپے مالیت کی 205 کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے 6 منشیات فروش گرفتار کر لئے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارخانو مارکیٹ حیات آباد پشاور میں خاتون کے قبضے سے 2.4 کلو چرس برآمد ہوئی، لاہور میں کوریئر آفس میں برطانیہ سے بھیجے (بقیہ نمبر 66)

حکومت کو آپس کا ہی نہیں پتا کہ کیا کر رہے، شاہد خاقان

وزیر اطلاعات نے ٹی وی پر کہا تھا کہ کانفرنس کی اجازت ہے، کوئی رکاوٹ نہیں ہے

اسلام آباد (این ای این) عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ حکومت کو آپس کا ہی نہیں پتا کہ کیا کر رہے ہیں، وزیر اطلاعات نے ٹی وی پر کہا تھا کہ کانفرنس کی اجازت ہے، کوئی رکاوٹ نہیں ہے، لیکن پولیس کی نفری تعینات کی گئی ہے۔ اپوزیشن کی قومی یکجہتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 49)

سعودی عرب میں عیدالفطر کی تعطیلات کا اعلان

ریاض (این ای این) سعودی سینٹرل بینک نے بینکنگ سیکٹر میں رمضان المبارک کے ایام میں اوقات کار اور عیدالفطر کی تعطیلات کا اعلان کیا ہے۔ سعودی خبر رساں (بقیہ نمبر 50)

پرسیکیوٹر جنرل پنجاب کا نوٹس، گونگا بہرہ 24 گھنٹے میں بازیاب

مریم نواز کے وژن کے مطابق خواتین اور بچوں کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے اور اس پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی

پنجاب میں سب سے بڑا مسئلہ پولیس کی جانب سے بروقت چالان جمع نہ کروانے کا تھا جس کے باعث سائلین خوار ہو رہے تھے

لاہور (این ای این) پرسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کے نوٹس لینے کے بعد سرگودھا پولیس نے محنت کش کے 6 سالہ گونگے بہرے بچے کو 24 گھنٹے میں بازیاب کروانے کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا۔ 26 فروری 2025 کو پرسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے سرگودھا کے نواحی علاقے میں غریب محنت کش کے 6 سالہ گونگے بہرے بچے کو اغوا کرنے کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے (بقیہ نمبر 53)

ایئر ٹکٹس کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ، مراسلہ آ گیا

ایئر لائن کا 17 سے 20 ہزار روپے کا ٹکٹ 27 ہزار سے ایک لاکھ روپے تک کا ہو گیا

کوئٹہ (این ای این) کوئٹہ سے کراچی اور اسلام آباد کے ایئر ٹکٹس میں بے پناہ اضافہ ہو گیا۔ ان روٹس پر ایئر لائن کا 17 سے 20 ہزار روپے کا ٹکٹ 72 ہزار سے ایک لاکھ روپے تک کا ہو گیا۔ اس حوالے سے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بلوچستان نے وزارت (بقیہ نمبر 55)

نشے میں دھت دولہے نے دلہن کی سہیلی کو مالا پہنا دی

دولہا شراب کے نشے میں تھا اور دلہن کے اہل خانہ کے ساتھ بدتمیزی کر رہا تھا

نئی دہلی (این ای این) بھارتی ریاست اتر پردیش کے ضلع بریلی میں ایک شادی اس وقت ہنگامے میں تبدیل ہوگئی جب نشے میں دھت دلہا نے دلہن کے بجائے اس کی سب سے قریبی سہیلی کو مالا پہنا دی۔ اس واقعے کے بعد 21 سالہ دلہن رادھا دیوی نے نہ صرف (بقیہ نمبر 56)

چکن پکانے پر ہر زور تھپڑ، بیوی کی موقع پر ہی موت ہوگئی

شوہر نے غصے میں آ کر مبینہ طور پر بیوی کو زور سے تھپڑ مارا جس سے وہ زمین پر گر کر بے ہوش ہوگئی جسکے بعد شوہر فرار ہو گیا

رات کو تین بجے شوہر واپس آیا تو اس نے دیکھا کہ بیوی کی موت ہو چکی ہے، صورتحال دیکھ کر وہ گھبرا گیا اور دوبارہ فرار ہو گیا

نئی دہلی (این ای این) بھارتی ریاست اوڈیشہ کے ضلع دھینکنال کے گاؤں دھنیا نالی منڈا ساہی میں ایک خاتون اپنے شوہر کے ہاتھوں مبینہ طور پر صرف اس وجہ سے جان سے ہاتھ دھو بیٹھی کہ اس نے رات کے کھانے میں چکن نہ پکایا تھا۔ نیوز 18 کے مطابق 35 سالہ کنی پنگوا تین بچوں کی ماں تھی جبکہ اس کا 40 سالہ شوہر جینا پنگوا دیہاڑی دار مزدور ہے۔ جینا نے اتوار کے بازار سے چکن خریدا اور (بقیہ نمبر 67)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین قائم کمیٹی برائے صنعت و تجارت سرمایہ کاری کے اجلاس میں شریک ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل

اللہ تعالیٰ نے تیزی سے گڑھے میں گرتے ملک اور قوم کو بچالیا

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ارکان پنجاب اسمبلی نے ملاقات کی۔ لاہور ڈویژن سے تعلق رکھنے والے ارکان پنجاب اسمبلی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔ ملاقات میں عوامی فلاح کے منصوبوں اور مستقبل کی سیاسی حکمت عملی پر مشاورت کی گئی۔ اجلاس کے شرکاء نے پنجاب میں ترقیاتی کاموں اور عوامی منصوبوں پر بھی وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔ ستھرا پنجاب، کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر سکیم اور جدید زرعی مشینری، سکالرشپ پروگرام کی فراہمی، سڑکوں کی تعمیر و بحالی، دھی رانی پروگرام، بنیادی و دیہی مراکز اور صحت کے پورے نظام کو اپ گریڈیشن پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے اقدامات کو سراہا۔ قائد نواز شریف نے ارکان اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کرے ہم ایک بار پھر ٹیک آف کر سکیں۔ شہباز شریف بہت محنت کر رہے ہیں۔ لاہور اور پنجاب میں بہت عرصے بعد عوام میں خوشی اور اطمینان نظر آ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے محنت سے عوام کی خدمت کا سفر جاری رکھنا ہے۔ قائد محمد نواز شریف نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے برکت ڈالی ہے اور بھی ڈالے گا۔ اللہ تعالیٰ نے تیزی سے گڑھے میں گرتے ملک اور قوم کو بچالیا۔ زندگی میں بہت اتار چڑھاؤ دیکھے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) آتی ہے تو ملک میں ترقی آتی ہے۔ ڈی ریل نہ کیا جاتا تو آج پاکستان کہیں آگے ہوتا۔ 1990ء کا سفر جاری رہتا تو پاکستان ترقی کے سفر میں آج کہیں آگے کھڑا ہوتا۔ مہنگائی میں کمی سے عوام کو سکھ کا کچھ سانس آیا ہے۔ محمد نواز شریف نے کہا کہ پالیسی ریٹ 22 سے کم ہو کر 12 فی صد پر آنا معاشی بہتری کی علامت ہے۔ ارکان اسمبلی نے ملاقات میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ایک سال میں صوبہ پنجاب کا ہر شعبہ ترقی کی طرف گامزن ہوا ہے۔ مریم نواز شریف پنجاب کا فخر ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پاکستان کی ترقی اور عوام کی خدمت کی ایک نئی روشن مثال قائم کی ہے۔ ارکان اسمبلی نے کہا کہ آپ کی اور شہباز شریف کی روایات جس شاندار طریقے سے چل رہی ہیں، وہ بے مثال ہے۔ ہمیشہ مسلم لیگ (ن) کے دور میں ہی ثقافت کو ترقی ملتی ہے۔ آپ جب جب آتے ہیں مسلم لیگ (ن) آتی ہے، ملک کو ترقی، روشنی، خوشیاں اور رنگ ملتے ہیں۔ ارکان اسمبلی نے مزید کہا کہ مریم نواز نے نظام کی بے مثال اصلاح کی۔ پنجاب میں ای ٹینڈرنگ کا شفاف نظام شروع کیا گیا۔ میرٹ پر یکساں اور معیاری ترقی کا سفر آگے بڑھ رہا ہے۔ واہگہ ٹورازم کوریڈور کی تعمیر بے مثال ہے۔ پنجاب کی خوشیاں واپس آ رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ارکان اسمبلی سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف اور شہباز شریف کا نام آئے تو عوام کی خدمت کی مثال بننا ہی پڑتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے نواز شریف پاکستان کی ترقی کا نام ہے، اور ہم سب اِن کے سپاہی ہیں۔ پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر پرویز رشید، رانا ثناء اللہ، پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور راشد نصر اللہ بھی اجلاس میں موجود تھے۔ سمیع اللہ خان، غزالی سلیم بٹ، محمد ریاض، مجتبیٰ شجاع الرحمن، خواجہ عمران نذیر، سہیل شوکت بٹ، ملک محمد وحید، خواجہ سلمان رفیق، ملک غلام حبیب اعوان اور چوہدری محمد نواز بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ ملک اسد علی کھوکھر، ملک شہباز علی کھوکھر، عمران جاوید، رانا راشد منہاس، محمد انس محمود، عرفان شفیع کھوکھر، بلال یاسین، مرغوب احمد، ملک فیصل ایوب کھوکھر ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔

عمران خاں کی رہائی کیلئے امریکی سینیٹر جولسن کی منطق

برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

امریکہ سے اپنے قائد کی رہائی کے لئے پاکستان پر دباؤ کی توقع باندھنے والے عاشقان عمران خان گزشتہ ہفتے سے خوش ہیں۔ چند دن قبل جنوبی کرولینا سے کانگریس کے لئے منتخب ہوئے جولسن نے صدر پاکستان اور وزیر اعظم کے علاوہ آرمی چیف کو بھی ایک خط لکھا۔ اس خط میں پاکستان اور امریکہ کے باہمی تعلق کا ذکر کرتے ہوئے موصوف نے دعویٰ کیا کہ ان دو ممالک کے مابین دوستی کے رشتے ان دنوں مضبوط تر رہے جب پاکستان جمہوری نظریات اور قانون کی حکمرانی پر سختی سے عمل پیرا ہوا نظر آتا تھا۔ گزرے جمعہ کے روز رکن کانگریس نے یہ بات ایوان میں ایک منٹ کی تقریر کرتے ہوئے دہرائی اور مصر رہے کہ پاکستان کو اپنا "جمہوری تشخص" برقرار رکھنے کے لئے عمران خان کو رہا کر دینا چاہیے۔ جولسن کچھ دنوں سے X کہلاتے ٹویٹر کے پلیٹ فارم پر بھی "عمران کو رہا کرو" والے پیغامات پوسٹ کر رہے ہیں۔

کانگریس مین کی کہی بات کو بآسانی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ موصوف امریکی ایوانِ نمائندگان کی دو کمیٹیوں کے اہم رکن ہیں جو امریکہ کے خارجہ امور کے علاوہ وہاں کے دفاعی اداروں پر بھی نگاہ رکھتی ہیں۔ اس کمیٹی کی ایک ذیلی کمیٹی کی سربراہی بھی ان کے پاس ہے جو مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ اور سنٹرل ایشیاء کے معاملات کا جائزہ لیتی ہے۔ جولسن کا لکھا خط اور ایوان میں کیا خطاب حکومت پاکستان کو عمران خان کی رہائی کے لئے آمادہ کر پائے گا یا نہیں؟ اس سوال پر فی الوقت توجہ مبذول نہیں کر پاؤں گا۔

حیرت مجھے جولسن کے اس دعویٰ کی بابت ہو رہی ہے کہ "گزشتہ 75 برسوں کے دوران پاکستان اور امریکہ کے تعلقات محض ان دنوں نہایت گرمجوش" رہے جب پاکستان میں جمہوریت پوری قوت سے عمل پیرا ہوئی نظر آتی۔ میں نے امریکہ کا ذکر ہوش سنبھالنے کے بعد ان دنوں سنا جب پاکستان میں امریکی صدر کنیڈی سے زیادہ اس کی اہلیہ جیکولین کنیڈی کا ذکر ہوتا تھا۔ ہمارے لاہور یوں کی اکثریت اس گماں میں فخر سے مبتلا تھی کہ جیکولین ہمارے پہلے فوجی آمر اور خود ساختہ فیلڈ مارشل ایوب خان کی مردانہ وجاہت سے بہت متاثر ہے۔ جس انداز میں ان دونوں کا ذکر ہوتا بزرگ افراد اسے میری عمر کے بچوں کے سامنے دہرانا پسند نہیں کرتے تھے۔ صدر کنیڈی کو تو گولی ماردی گئی۔ ان کے انتقال کے بعد جیکولین پاکستان نہیں آئی۔ یونان کے ایک نہایت مالدار اور بے تحاشہ بحری جہازوں کے مالک سے شادی کر لی۔

کنیڈی کے بعد جانسن امریکہ کا صدر بنا۔ وہ غالباً بطور نائب صدر ایک مرتبہ پاکستان بھی آیا تھا۔ کراچی میں اس کی ملاقات بشر نام کے ایک ساربان سے ہوگئی۔ اسے صدر منتخب ہو جانے کے بعد اس نے امریکہ بلوایا۔ میں اب سکول میں داخل ہو چکا تھا۔ سکول جاتے اور آتے ہوئے میرے کئی محلہ دار مجھے اردو اخبار تھما کر یہ جاننا چاہتے کہ ہمارا ساربان امریکہ میں کیسے دن گزار رہا ہے۔ ایوب خان کے اے ڈی سی رہے ارشد سمیع مرحوم نے سابق صدر کے ایوانِ اقتدار کے آخری دنوں کا ذکر اپنی کتاب میں کر رکھا ہے۔ ایوب خان کے مستعفی ہونے کے بعد ارشد صاحب ایوانِ صدر سے سامان پیکنگ کے لئے اکٹھا کر رہے تھے۔ اس دوران انہوں نے ایوب خان کے بستر کے ساتھ رکھی میز پر جیکولین کنیڈی کی تصویر دیکھی۔ وہ اس کے دستخطوں سمیت فریم میں لگی ہوئی تھی۔ امریکہ کے اتنا قریب ہونے کے باوجود مگر 1965ء کی جنگ کے بعد فیلڈ مارشل اتنا بددل ہوئے کہ غصے میں "جس رزق سے آتی ہو....." والی سوانح عمری نما کتاب اپنے انفارمیشن سیکرٹری الطاف گوہر سے لکھوادی۔

میٹرک کا امتحان دینے کے قریب میں ایوب خان کے سخت خلاف ہو چکا تھا۔ ان کے خلاف طلبہ کی تحریک چلی تو سکول کا طالب علم ہوتے ہوئے بھی کلاس سے بھاگ کر جلوسوں میں شامل ہو جاتا۔ ایوب خان نے 1962ء میں بنائے اپنے ہی آئین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بطور صدر استعفیٰ دینے کے بعد یہ عہدہ ان دنوں کے سپیکر نیشنل اسمبلی کے حوالے کرنے کے بجائے آرمی چیف جنرل یحییٰ خان کے سپرد کیا۔ یحییٰ خان نے امریکہ اور چین کے درمیان پل کا کام کرتے ہوئے ڈاکٹر کسنجر کو پاکستان سے خفیہ طور پر چین بھجوا دیا تھا۔ اس "خدمت" کے عوض حسن اور ہنری کسنجر یحییٰ خان کی بھرپور حمایت کرتے رہے۔ یحییٰ خان نے "جمہوریت کو فروغ دینے" کے بجائے 1970ء میں ہوئے انتخاب کے نتائج پر عمل نہیں کیا۔ اس کا انجام سقوط ڈھاکہ تھا۔ مشرقی پاکستان کھو دینے کے باوجود مگر ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت یحییٰ خان کا احتساب نہ کر پائی۔ امریکی وزارت خارجہ کی وہ دستاویزات اب بآسانی گوگل کے ذریعے ڈھونڈی جا سکتی ہیں جو ثابت کرتی ہیں کہ صدر اور بعد ازاں وزیر اعظم ہوئے ذوالفقار علی بھٹو کو بار ہا یاد دلایا جاتا تھا کہ "ہمارے دوست" یعنی یحییٰ خان کو عزت و احترام سے ان کے گھر ہی نظر بند رکھا جائے۔

جمہوریت کی تھوڑی بہت شکل میں نے ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کے دوران دریافت کی تھی۔ امریکہ نے مگر اس حکومت کا جینا دوبھر کر رکھا تھا۔ مسلسل یہ الزام لگاتا رہا کہ وہ پاکستان کو ایٹمی ملک بنانا چاہتی ہے۔ جنرل ضیاء نے جب بھٹو حکومت کا تختہ الٹا تو امریکہ اس کے حوالے سے منافقانہ طور پر خاموش رہا۔ کمیونسٹ روس کے کابل میں داخل ہوتے ہی مگر جنرل ضیاء امریکہ کی دانست میں نام نہاد "آزاد دنیا" کا "محافظ" بن گیا۔ اس کے 11 سالہ دور میں ہمارے 4 صحافیوں کو برسرِ عام کوڑے بھی لگائے گئے۔ امریکہ کو مگر جمہوریت یاد نہ آئی۔ روسی افواج کی کابل سے واپسی تک اس فوجی آمر کے ساتھ ڈٹ کر کھڑا رہا۔

نائن الیون کے بعد دیسی ہی محبت ایک اور فوجی آمر۔ جنرل مشرف۔ کے ساتھ برتی گئی۔ کانگریس مین جولسن مگر وہ سب یاد نہیں رہا حالانکہ وہ خود بطور کرنل امریکی فوج سے ریٹائر ہو کر سیاست میں آئے ہیں۔ عمران خان کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے جولسن نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ذاتی طور پر وہ ان کی سیاست کا حامی نہیں۔ اس نے بانی تحریک انصاف کو روسی صدر اور چینی کمیونسٹ پارٹی کا خیر خواہ ٹھہرایا۔ ساتھ ہی مگر اصرار کیا کہ سیاستدان کا مقابلہ سیاست دان ہی کریں۔ عمران خان کو لہٰذا رہا کریں۔ اس کے بعد وہ جانیں اور ان کے سیاسی دشمن۔ امریکی سیاست کو سمجھنے والے عاشقان عمران جولسن کے ان کلمات سے خوش نہیں جن کی بدولت عمران خان روس اور چین کے دوست بتائے گئے۔ ان کی تقریر کے دوران شمالی کوریا کے "آمرانہ نظام" کی ایک تصویر بھی چلائی گئی تھی۔ جولسن سے اب درخواست ہو رہی ہے کہ وہ عمران خان کو روسی صدر اور چین کی کمیونسٹ پارٹی کا "دوست" تصور نہ کریں۔

(بشکریہ نوائے وقت)

اَب جج فیصلے نہیں، خط لکھتے ہیں!

عرفان صدیقی

عرفان صدیقی

کچھ عرصہ قبل سامنے آنے والی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی عدلیہ 142 ممالک میں 130 ویں اور خطے کے چھ ممالک میں پانچویں نمبر پر تھی۔ اس مقام بلند پر فائز ہونے کا واحد محرک عزت مآب جج صاحبان کی اپنی کارکردگی تھی کیوں کہ اُس وقت نہ چھبیسویں ترمیم آئی تھی، نہ اُمید سے بیٹھے کسی جج کی "حق تلفی" ہوئی تھی، نہ کوئی آئینی بینچ تشکیل پایا تھا، نہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں تین جج صاحبان کا تبادلہ ہوا تھا، نہ کوئی نئی انتظامی کمیٹی بنی تھی اور نہ کسی کی سنیارٹی تہ و بالا ہوئی تھی۔ قوی اُمید ہے کہ "مکتوب نویسی" کے تازہ اُبھار کے بعد، وہ کئی درجے اُوپر چلی جائے گی۔

روایتی طور پر جج عظمتِ کردار، آئین وقانون پر مضبوط گرفت اور عمدہ فیصلہ نویسی کے حوالے سے جانے جاتے ہیں۔ ہمارے ہاں بھی ایسے چند نام درخشاں ستاروں کی طرح دمک رہے ہیں۔ اگر صرف شعری وادبی چاشنی کے حامل فیصلوں کے حوالے سے دیکھا جائے تو جسٹس اے۔ آر۔ کارلیلیں، جسٹس محمود الرحمن، جسٹس بدیع الزماں کیکاؤس، جسٹس شفیع الرحمن، جسٹس محمد علیم، جسٹس ایم۔ آر۔ کیانی اور جسٹس تصدق حسین جیلانی کے لکھے ہوئے فیصلے اُن صاحبانِ ذوق کو بھی آسودگی بخشتے ہیں جو آئین وقانون کی موشگافیوں کے بجائے، صرف تحریر کی لطافت کا لطف لیتے ہیں۔ المیہ یہ ہوا کہ بالعموم، عدلیہ نے اپنی آئینی ترجیحِ اوّل، عدل کی کارفرمائی کو "ریٹائرنگ روم" میں پھینک دیا اور فیصلے ماحولیاتی آلودگی کا شکار ہو کر بے توقیر ہوتے چلے گئے۔ اعلیٰ عدلیہ کا ہر جج، ایوانِ عدل میں قدم رکھنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر جان کر حلف اٹھاتا ہے کہ "۔۔۔میں اپنے ذاتی مفاد کو سرکاری کام یا اپنے عدالتی فیصلوں پر اثر انداز نہیں ہونے دوں گا۔۔۔ اور یہ کہ میں ہر حال میں ہر قسم کے لوگوں کے ساتھ بلاخوف ورعایت اور بلارغبت ونفرت، قانون کے مطابق انصاف کروں گا۔" لیکن نہایت تلخ حقیقت یہ ہے کہ "خوف، رعایت، رغبت اور عناد" کے چھینٹے کم وبیش ہر عدالتی فیصلے پر نظر آتے ہیں۔ ابھی ابھی تمام ہونے والی دہائی میں عدلیہ کی کوکھ سے، دو دو تین تین صروں والے ایسے ایسے عجیب الخلقت بچھڑوں نے جنم لیا کہ زمین وآسمان ششدر رہ گئے۔ ستم یہ کہ زبان وبیان اور اسلوبِ تحریر کے حوالے سے بھی فیصلوں کا لب ولہجہ، کوچہ وبازار کی غوغا کار جیسا ہو چلا ہے۔ سو نہ انصاف رہا نہ ذوقِ لطیف کو تسکین بخشنے والی تحریریں۔ خشک سالی کی ماری ہوئی کشتِ عدل میں اب بے آب ورنگ جھاڑ جھنکار اُگ رہا ہے۔ اس کا کچھ تعلق واسطہ آئینی تشریح وتعبیر سے ہے نہ قانونی نکات کی توضیح وتفسیر سے۔ مفاد اور عناد کی پیلی بیل میں لپٹی ایک مشقِ بے آب ورنگ ہے کہ تیز سے تیز تر ہوتی جا رہی ہے۔

اُردو زبان کے آغازِ سفر میں مخطوط نویسی یا مکتوب نگاری، روایتی اصنافِ ادب کا حصہ نہیں تھی لیکن مرزا غالب اور ابوالکلام آزاد تک آتے آتے اِس کے عارض ورُخسار پر کچھ ایسا نکھار آیا کہ کئی حسینانِ اصنافِ ادب منہ چھپاتی پھریں۔ "خود ہندی" "اُردوئے معلّیٰ" اور "نظّارۂ خاطر" ادب کے عظیم شہ پارے خیال کئے جانے لگے۔ ابھی کچھ دنوں سے یکا یک علمی وادبی اداروں کے بانجھ پن کا ازالہ کرنے کی ذمہ داری ہماری خوش ذوق عدلیہ کے کچھ علم دوست اور ادب شناس جج صاحبان نے سنبھال لی ہے۔

خط کو کلی طور پر شخصی، ذاتی اور انفرادی عمل تصور کیا جاتا ہے جو کسی فردِ واحد کے جذبہ واحساس کی ترجمانی کرتا ہے۔ ایسا بھی نہیں ہوتا کہ کوئی خط، ایک سے زیادہ افراد نے تخلیق کیا ہو۔ متعدد شخصیات کی ترجمانی کرنے والی تحریر، معروف معنوں میں ہرگز "خط" نہیں کہلا سکتی۔ اُسے عرضی، درخواست، پٹیشن، فریاد یا کوئی بھی ایسا نام دیا جا سکتا ہے۔ ماضی قریب میں جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے خط نویسی کی طرح ڈالی لیکن یہ اُن کی انفرادی سوچ کی حامل تحریریں تھیں، اِس لئے خط ہی کے زمرے میں شمار ہوئیں لیکن گذشتہ برس، مارچ 2024ء میں یکا یک اسلام آباد ہائی کورٹ کے چھ معزز جج صاحبان کا مشترکہ خط اِس دھماکے کے ساتھ سامنے آیا کہ آج تک اُس کی گونج تھمنے میں نہیں آ رہی۔ "خط" کا مرکزی موضوع یہ شکایت تھی کہ "ایک طاقت ور ایجنسی ہمیں چھیڑتی اور ڈراتی ہے۔" کوئی پوچھے کہ جب آپ نے اللہ کو حاضر ناظر جان کر، کسی سے خوف زدہ نہ ہونے کی قسم کھا رکھی ہے تو یہ شکایت کیسی؟ لیکن "خط" کا یہ مطالبہ اس سے بھی زیادہ مضحکہ خیز تھا کہ "ایک ایجنسی پر لگائے گئے جسٹس شوکت عزیز صدیقی کے الزامات کی تحقیقات کی جائیں۔" جسٹس صدیقی نے یہ آواز، اپنا سب کچھ داؤ پر لگا کر، وکلاء کے ایک بڑے اجتماع میں، ستمبر 2018ء میں اٹھائی تھی جب کوئی ڈیڑھ ماہ بعد اُسے چیف جسٹس بننا تھا۔ 11 اکتوبر 2018ء کو صدر عارف علوی کی طرف سے ایجنسی گزیدہ شوکت صدیقی کی معزولی کا فرمان جاری ہوا۔ تب کم از کم چیف جسٹس انور خان کاسی، جسٹس اطہر من اللہ اور مکتوب نویسِ اعلیٰ جسٹس محسن اختر کیانی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کا حصہ تھے۔ کسی نے سسکی تک نہ لی۔ نہ کوئی ردِّعمل، نہ رسمی بیان، نہ احتجاج، نہ کوئی ریمارکس، نہ مذمت، نہ ایجنسی کے حصن میں کوئی مطالبہ، نہ کوئی خط۔ دیکھتے دیکھتے اِن کے سب سے سینئر رفیق کار کو ریاستی غیظ وغضب کے کولہو میں پیس کر، گنے کے پھوگ کی طرح کسی "کچرا کنڈی" میں پھینک دیا گیا۔ کوئی اُسے پُرسا تک دینے نہ گیا۔ اُس نے بیٹی کی شادی پر سب کو دعوت دی۔ کوئی ایک بھی شریک نہ ہوا۔ خوف کا یہ عالم تھا کہ فونِ پر بھی مبارک نہ دی۔ چمن کا کاروبار پہلے سے کہیں زیادہ خوش نمائی سے چلتا رہا۔

ٹھیک ایک ماہ سترہ دن بعد عزت مآب جسٹس اطہر من اللہ نے بطور چیف جسٹس حلف اٹھالیا۔ 2021ء اور 2022ء میں، پی۔ٹی۔آئی کے عہدِ انصاف پرور میں، باقی پانچ مکتوب نگار جج، اسلام آباد ہائی کورٹ کا حصہ بنے۔ اِن سب کو جسٹس شوکت عزیز کی ڈہائی اور ایجنسی کے بارے میں تحقیقات کا خیال اُس وقت آیا جب جسٹس صدیقی کو عہدِ ستم گر کا کھنچی تر ہوئے پانچ سال، پانچ ماہ، پندرہ دن گذر چکے تھے۔

26 مارچ 2024ء کو چھ جج صاحبان کے شہرۂ آفاق خط کے بعد سے، مکتوباتِ عدل کا سلسلہ ساون بھادوں کی برکھا کی طرح جاری ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں زوروں کا مقابلہ چل رہا ہے۔ شاہراہِ دستور پر رنگا رنگ کبوتر، سرخ چونچوں میں نیلگوں لفافے لئے، لوٹیاں کھاتے، اِدھر سے اُدھر اُڑتے دکھائی دیتے ہیں۔ گئے دنوں میں جج صاحبان، چائے کی میز پر مل بیٹھتے تو کسی مقدمے کے اسرار ورموز پر بات ہوتی، آئین وقانون کی گتھیاں سلجھائی جاتیں، زیرِ بحث مسئلے پر ماضی کے نظائر دیکھے جاتے، فیصلوں کی نوک پلک سنواری جاتی، لیکن اَب یہ وقت زیادہ تعمیری، مثبت اور ادب افروز مشق کے لئے مخصوص ہو چکا ہے۔ اَب عالی مقام جج صاحبان کے مل بیٹھنے کا ایجنڈا یہ ہوتا ہے کہ اُگلا خط کس کے نام لکھنا ہے؟ نفسِ مضمون کیا ہوگا؟ بیٹی کو کوسنے دیتے ہوئے دراصل روئے سخن کس بہو کی طرف رکھنا ہے؟

(جاری ہے)

(بشکریہ ڈیلی پاکستان)

سٹی نیوز

تھانہ گوجرخان سے کچھ فاصلے پر لب سڑک الفلاح چکن شاپ پر چوری کی واردات

نامعلوم چور لاکھوں روپے مالیت کے بکرے UPS اور نقدی رات کے آخری پہر لے اڑے متاثرہ شخص نے مقدمے کے اندراج کے درخواست دے دی

گوجرخان (قمر شہزاد) سرکل گوجرخان میں چوری ڈکیتی وپیکل لفٹنگ کی وارداتوں کیساتھ مویشی چور بھی متحرک ہو گئے گزشتہ روز رات کے آخری پہر نامعلوم چور سوزوکی پک اپ ڈالے میں آئے اور الفلاح چکن شاپ سے لاکھوں روپے مالیت کے بکرے یو پی ایس بیٹریز، پنکھے، جبکہ کاؤنٹر کے لاک توڑ کر نقدی اور ضروری کاغذات لے اڑے متاثرہ شخص نعیم کے مطابق تقریباً دس سے گیارہ لاکھ روپے کے بکرے اور دیگر سامان چوری ہوا ہے جسکے مقدمے کے اندراج کے لیے درخواست تھانہ گوجرخان میں دے دی ہے، قبل ازیں گلشن کالونی میں واقع ٹک شاپ ہوٹل میں بھی رات کے وقت چوری ہوئی جہاں نامعلوم چور شٹر کا تالہ توڑ کاونٹر سے دراز نکال کر لے گے چور کو سی سی ٹی وی کیمرے میں واضح دیکھا جا سکتا ہے عالمگیر نامی متاثرہ شخص کے مطابق تقریباً 65 ہزار روپے نقدی دراز میں موجود تھی جو نامعلوم چور لیکر رفو چکر ہو گیا جبکہ مقدمے کے اندراج کے لیے تھانہ گوجرخان میں درخواست ای فیگ کروادی ہے جبکہ جنڈ نجار کے ارشد نامی شخص نے مقدمے کا اندراج کرواتے ہوئے بتایا کہ نامعلوم چور اسکی گائے اور بھینس جنکی مالیت تقریباً پانچ لاکھ بنتی ہے کھول کر لے گے ہیں۔

موٹروے پولیس کی عدم توجہی رانگ سائیڈ کراسنگ وائلیشن عروج پر

جی ٹی روڈ نیشنل ہائی وے پولیس کے انڈر آتی ہے جنکی پٹرولنگ گاڑی کی موجودگی میں رکشے موٹر سائیکل رانگ سائیڈ جاتے ہیں

ایک طرف شہری وائلیشن کر کے اپنی جان خطرات میں ڈال رہے ہیں وہیں متعلقہ محکمے کی چشم پوشی بھی سوالیہ نشان بن چکی ہے

گوجرخان (قمر شہزاد) نیشنل ہائی وے پولیس کی عدم توجہی اور مبینہ غفلت کے سبب جی ٹی روڈ پر خونی ٹرن کی جانب رانگ سائیڈ وائلیشن کرنے والے رکشوں اور موٹر سائیکلز کی رانگ سائیڈ آمد ورفت دھڑلے سے جاری ہے یہاں آئے روز متعدد حادثات رونما ہونے کی وجہ سے کہیں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اس باوجود متعلقہ عملے کی ہٹ دھرمی کے باعث جی ٹی روڈ پر رانگ سائیڈ جانے والے رکشے موٹر سائیکل کسی بھی بڑے سانحہ کا باعث بن سکتے ہیں اگر دیکھا جائے تو جی ٹی روڈ نیشنل ہائی وے پولیس کے انڈر آتی ہے مگر نیشنل ہائی وے پولیس شہر میں کہیں پر بھی نظر نہیں آتی انھوں بس ایک ہی کام پکڑا ہوا ہے کہ سٹیڈیم کے پاس اپنی سرکاری گاڑی کر کے وہاں اپنی فارملٹی پوری کرنے کے لیے اپنے کوٹے کے چالان بڑی گاڑیوں کو کرتے ہیں اور سب اچھا کی رپورٹ پیش کر دیتے ہیں اگر غلطی سے کبھی انکی گاڑی موجود بھی ہو تو وائلیشن کرنے والوں روکتے نہیں بار ہا اس معاملے کو پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا پر اجاگر کیا جبکہ ڈی ایس پی موٹر وے شہزاد اسلم کو آگاہ بھی کیا گیا مگر پٹرولنگ پر معمور افسران کس سے مس نہیں ہو رہے عوامی سماجی حلقوں حکام بالا سے اس معاملے کا سختی سے نوٹس لینے اور ان پوائنٹس پر نیشنل ہائی وے پولیس کی ڈیوٹیز لگانے اور وائلیشن کرنے والوں کے ساتھ سختی سے پیش آنے کیساتھ مقدمات کے اندراج کا مطالبہ کیا ہے۔

راولپنڈی میں جعلی ڈاکٹروں کی بھرمار، محکمہ صحت پنجاب اور ہیلتھ کیئر کمیشن کا کارروائی سے گریز

پوٹھوہار ٹاؤن، چکری روڈ، گرجا روڈ، چک جلال دین، اڈیالہ روڈ، چک بیلی خان میں جگہ جگہ غیر قانونی شفا خانے قائم

جعلی عطائی ڈاکٹروں، بغیر لائسنس ادویات بیچنے والے میڈیکل سٹوروں اور ہول سیلر کے خلاف ڈرگ ایکٹ کے تحت کاروائی کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

راولپنڈی (تحقیقاتی رپورٹ/عبدالرحمن سے) راولپنڈی میں پوٹھوہار ٹاؤن، چکری روڈ، گرجا روڈ، چک جلال دین، اڈیالہ روڈ، چک بیلی خان میں جگہ جگہ عطائی ڈاکٹروں نے غیر قانونی شفا خانے قائم کر لئے، شہری جعلی ڈاکٹروں سے لٹنے پر مجبور ہو گئے۔ محکمہ صحت پنجاب، ہیلتھ کیئر کمیشن فیلڈ میں چیکنگ کی بجائے دفاتر تک محدود ہو گئے۔ جعلی ڈاکٹروں کی بڑھتی ہوئی تعداد محکمہ صحت اور ہیلتھ کیئر کمیشن راولپنڈی کی کارکردگی کے لئے سوالیہ نشان بن گئی، افسران کی ملی بھگت کی وجہ سے عطائی ڈاکٹروں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہونے لگا ہے۔ شہریوں نے محکمہ صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ جعلی عطائی ڈاکٹروں، بغیر لائسنس ادویات بیچنے والے میڈیکل سٹوروں اور ہول سیلر کے خلاف ڈرگ ایکٹ کے تحت کاروائی کی جائے تاکہ عطائیت کا خاتمہ کیا جا سکے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ جعلی ڈاکٹروں کے خلاف انسانی جانوں سے کھلواڑ کرنے اور قانون توڑنے پر سخت ایکشن لیا جائے اور باقاعدہ مقدمات درج کیے جائیں تاکہ ان قانون شکن قوتوں کا خاتمہ ہو سکے، بھاری جرمانے عائد کئے جائیں۔ واضح رہے گزشتہ برس بھی ڈینگی کے مریض کے غلط علاج معالجہ پر راولپنڈی شہر میں بیسیوں ہسپتال اور مراکز صحت کو سیل کیا گیا تھا، لیکن معمولی جرمانہ عائد کرنے کے بعد ان کے شفا خانوں کو دوبارہ کھولنے کی اجازت دیدی گئی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ عطائی ڈاکٹروں کی شکایت کے لئے ٹول فری نمبر عوام کو دیے جائیں اور یونین کونسل لیول پہ ٹیمیں تشکیل دے کر قانون پہ عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

☆☆☆

میونسپل کمیٹی کندھ کوٹ کے ملازمین کا پریس کلب کے سامنے احتجاج

بقایا تنخواہوں کی فوری ادائیگی کا مطالبہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) میونسپل کمیٹی کندھکوٹ کے ملازمین کا پریس کلب کے سامنے احتجاج، بقایا تنخواہوں کی فوری ادائیگی کا مطالبہ میونسپل کمیٹی کندھکوٹ کے ملازمین نے کئی ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے پر زبردست احتجاج کیا اور اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کی۔ ملازمین نے اپنے معصوم بچوں سمیت پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور انتظامیہ کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ احتجاج میں شامل ملازمین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم محنت کش اور غریب لوگ ہیں، ہمارا گزر بسر صرف تنخواہ پر ہے، لیکن کئی سالوں سے ہمیں ہماری ریٹائرمینٹ نہیں دی جا رہی۔ مظاہرین نے بتایا کہ وہ شدید مالی بحران کا شکار ہیں، ان کے بچے اسکول جانے سے محروم ہو چکے ہیں، گھر کا چولہا ٹھنڈا پڑ چکا ہے اور علاج معالجے کے لیے بھی پیسے نہیں بچے۔ ایک احتجاجی ملازم، جو اپنے معصوم بچے کو ساتھ لایا تھا، بھرائی ہوئی آواز میں بولا: "یہ بچہ روز مجھ سے کھانے اور خرچے کے لیے پیسے مانگتا ہے، لیکن میں اس کی معصوم خواہشات پوری کرنے سے قاصر ہوں۔ میرا قصور صرف یہ ہے کہ میں ایمانداری سے کام کرتا رہا، مگر مجھے میری محنت کی کمائی بھی نہیں دی جا رہی"۔ احتجاج میں ریٹائرڈ ملازمین انتظامیہ کے خلاف سخت احتجاج کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری پوری زندگی کی محنت کا صلہ یہ ملا ہے کہ ہمیں پنشن اور دیگر واجبات بھی ادا نہیں کیے جا رہے۔ کئی بزرگ ملازمین مالی پریشانی کے باعث علاج کروانے سے بھی قاصر ہیں، جبکہ کچھ سخت بیمار ہونے کے باوجود اپنی بقایا رقم ملنے کی امید پر جی رہے ہیں۔ مظاہرین نے وزیر بلدیات، ڈپٹی کمشنر کندھکوٹ اور دیگر متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا کہ ہمارے بقایا تنخواہیں اور وظیفے فوراً جاری کیے جائیں تاکہ ہمارے معصوم بچوں کا مستقبل محفوظ ہو اور ہم مالی مشکلات سے نکل سکیں۔ احتجاجی ملازمین نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات جلد پورے نہ کیے گئے تو وہ احتجاج کا دائرہ وسیع کریں گے۔

☆☆☆

شمور پولیس کی مؤثر کارروائی، داخلی و خارجی راستوں پر سخت سنیپ چیکنگ

جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کشمور پولیس کی مؤثر کارروائی داخلی و خارجی راستوں پر سخت سنیپ چیکنگ، جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال۔ ایس ایس پی SSP کشمور زبیر نظیر احمد شیخ* کی ہدایات پر اے ایس پی ASP کشمور محمد عاشر کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کشمور شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر سخت سنیپ چیکن

بقیہ نمبر 1

زیر اہتمام مختلف شہروں میں مزید جلسوں پر مشاورت کی گئی، میاں نواز شریف نے پارٹی کو فعال کرنے کے لیے عوامی رابطہ مہم تیز کرنے کی ہدایت کی۔ نواز شریف نے ہدایت کی کہ مسلم لیگ ن کی ایک سالہ کارکردگی کو عوام کے سامنے رکھا جائے۔ ماڈل ٹاؤن ملاقات میں گلگت بلتستان انتخابات پر پارٹی پوزیشن پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مسلم لیگ (ن) خیبر پختون خوا کے صدر نے گلگت بلتستان انتخابات کے بارے میں بریفنگ دی، خیبر پختون خوا کے رہنماؤں نے نواز شریف کو کے پی کے اضلاع کا دورہ کرنے کا مشورہ دے دیا

بقیہ نمبر 2

وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ اور رکن قومی اسمبلی آصفہ بھٹو بھی معزز مہمان کے استقبال کیلئے موجود تھے۔

بقیہ نمبر 3

نے فوجی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ بیان کے مطابق ازبکستان کے نائب وزیر دفاع نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔

بقیہ نمبر 4

انور چوہدری، وجیہہ قمر شامل ہیں۔ اس کے علاوہ تو قیر شاہ اور محمد علی سمیت وزیر اعظم کے 3 مشیروں نے بھی عہدے کا حلف اٹھالیا۔

بقیہ نمبر 5

پرویز الٰہی کی جگہ حاضری کے لیے انوار حسین کو پلیڈر مقرر کر دیا، عدالت نے بیماری کی بنیاد پر چودھری پرویز الٰہی کو حاضری سے استثنیٰ دیا۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کے پلیڈر انوار حسین حاضری کے لیے پیش ہوئے جبکہ سابق پرنسپل محمد خان بھٹی پیش نہ ہوئے۔ بعدازاں احتساب عدالت نے کیس دیگر ملزمان کی وجہ سے انتظار میں رکھ لیا۔

بقیہ نمبر 6

ہے کہ مرکزی بینک آئندہ چند روز میں اس سلسلے میں باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔ تاہم بینک ملازمین کو معمول کے مطابق کام کرنے اور سرکاری ڈیوٹی انجام دینے کیلئے رپورٹ کرنے کی ضرورت ہوگی، سوائے عوامی لین دین کے لین دین کے۔ پاکستان میں رمضان المبارک کا مقدس مہینہ 2 مارچ 2025 کو شروع ہونے کا امکان ہے، یکم مارچ کی شام کو ہلال کا چاند نظر آنے کا امکان ہے۔ سپیس اینڈ اپر اٹمیوسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) کے مطابق نیا چاند 28 فروری کو پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق شام 5 بج کر 45 منٹ پر نکلنے کا امکان ہے۔ زکوۃ کی کٹوتی کو آسان بنانے کے لیے رمضان کے پہلے دن بینک کی تعطیل کا عمل ایک دیرینہ عمل رہا ہے، جو کہ ملک کے بینکاری ضوابط کے تحت لازمی ہے۔

بقیہ نمبر 7

بند رکھی جائے گی۔

بقیہ نمبر 8

ترجمان موٹروے کا کہنا ہے کہ 150 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار پر جرمانے کے ساتھ گاڑی بھی بند کی جائے گی، 150 کلومیٹر سے زیادہ سپیڈ پر ڈرائیور پر مقدمہ بھی ہوگا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ پبلک سروس گاڑیوں کی 110 کلومیٹر فی گھنٹہ مقرر کی ہے، موٹروے پر گاڑی کی حد رفتار 120 کلومیٹر فی گھنٹہ مقرر ہے

بقیہ نمبر 9

ایچ او) کو ملازمت سے معطل کر دیا گیا، اور ان کے خلاف فوجداری مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ خاتون کو میرپور کے ڈویژنل کمشنر کی جانب سے مشورہ دیا گیا تھا کہ وہ جائیداد کے قبضے کے معاملے میں ازالے کے لیے تھوہل پولیس اسٹیشن سے رجوع کریں۔ جب خاتون نے ایس ایچ او چوہدری عمران احمد سے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ وہ خود انہیں لینے گھر آئیں گے۔ تھانیدار کی گاڑی میں سواری کے دوران خاتون نے بار بار ایس ایچ او کی جانب سے ہراساں کرنے کی کوششوں کا سامنا کیا اور مزاحمت کی۔ ذرائع نے بتایا کہ متاثرہ خاتون کے موبائل فون پر خفیہ طور پر ریکارڈ کی گئی ایک آڈیو کلپ میں مبینہ طور پر نشے میں دھت ایس ایچ او کو اس پر اگلی سیٹ پر بیٹھنے، عبایا ہٹانے، دوستی کرنے اور اس کے گھر جانے کے لیے دباؤ ڈالتے ہوئے سنا گیا ہے۔ یہ ریکارڈنگ مبینہ طور پر 21 فروری کو انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی پی) (رانا عبدالجبار کی توجہ میں لائی گئی تھی۔ آئی جی پی نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ایس ایچ او کو معطل کرنے اور ایس ایس پی میرپور خاور شوکت علی کو ابتدائی انکوائری کی ہدایت کی۔ محکمہ پولیس کے ترجمان نے ایک بیان میں کہا کہ انکوائری میں ہراسانی کے الزامات کی تصدیق ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں ایس ایچ او کے خلاف فوجداری مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ملزم کو مزید احکامات تک ملازمت سے معطل کر دیا گیا، اور اس کے خلاف الگ سے محکمانہ کارروائی شروع کی گئی ہے۔ پولیس ترجمان نے کہا کہ محکمانہ تحقیقات کے نتائج کی بنیاد پر انسپکٹر کیخلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی، انہوں نے ہراسانی کے حوالے سے محکمہ پولیس کی زیرو ٹالرنس پالیسی کا اعادہ کرتے ہوئے واضح کیا کہ غیر قانونی سرگرمیوں یا جرائم میں ملوث کوئی بھی شخص، چاہے وہ محکمہ پولیس سے وابستہ ہو یا کسی بھی عہدے پر فائز ہو، بلا امتیاز قانونی کارروائی کا سامنا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے خلاف ہراسانی کی شکایات کو برداشت نہیں کیا جائے گا، اور ایسے پولیس اہلکاروں یا افسران کے خلاف سخت تادیبی اور فوجداری کارروائی کی جائے گی، خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانا اولین ترجیح رہے گی۔

بقیہ نمبر 10

سیاسی شعبدہ بازی ہیں، کسی وائٹ پیپر سے خوفزدہ نہیں، خود ایک حقیقت نامہ جاری کر کے ایم کیو ایم کی سابق حکومت کی مالی بدعنوانیوں، کراچی کے تباہ حال بلدیاتی اداروں کی حقیقت عوام کے سامنے رکھیں گے۔ ایم کیو ایم رہنماء فاروق ستار کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ حکومت کو غیر ضروری تنقید کا نشانہ بنانے سے قبل فاروق ستار کو حقائق اور اعداد و شمار کا مطالعہ کرنا چاہئے تھا، سندھ حکومت نے پچھلے 5 سال میں 160 ارب روپے سے زائد کے بقایاجات اور پنشن کی مد میں ادائیگیاں کی ہیں، کے ایم سی، کے ڈی اے اور واٹر بورڈ جیسے ادارے خودمختار ہیں جو اپنی مالی ذمہ داریوں کے خود ذمہ دار ہیں، صرف کراچی کے بلدیاتی اداروں کو مالی بحران سے نکلنے کیلئے سندھ حکومت نے پچھلے سال 20 ارب روپے کے قریب اضافی گرانٹ دی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی اور حیدرآباد کے بلدیاتی اداروں کے مسائل کا اصل سبب ماضی میں ایم کیو ایم کی ناقص حکمرانی اور کرپشن ہے، 2017ء سے قبل بھی بلدیاتی ادارے ایم کیو ایم کے پاس تھے مگر بدقسمتی سے ان اداروں کو مالی وانتظامی تباہی کی طرف دھکیلا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی سرپرستی میں کے ڈی اے، کے ایم سی، واٹر بورڈ اور دیگر اداروں میں بے تحاشا کرپشن کی گئی، جعلی بھرتیاں ہوئیں، وسائل کا غلط استعمال کیا گیا، آج بھی یہ ادارے جن مالی مشکلات کا شکار ہیں، وہ ایم کیو ایم کی سابق لوٹ مار ہی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں ملازمتیں آئینی وقانونی طریقہ کار کے تحت دی جاتی ہیں، اگر فاروق ستار کے پاس جعلی ڈومیسائل پر بھرتیوں کے ثبوت ہیں تو سامنے لائیں، ایم کیو ایم کے دور میں بھی سرکاری نوکریاں دی گئیں، تب کیا شفافیت یقینی بنائی گئی تھی؟۔ انہوں نے کہا کہ وفاق سے ملنے والے فنڈز شفاف طریقے سے خرچ کئے جاتے ہیں، اگر فاروق ستار سمجھتے ہیں 25 ارب روپے غائب ہو گئے تو وہ ثبوت فراہم کریں، حکومت آزادو شفاف آڈٹ کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کسی وائٹ پیپر سے خوفزدہ نہیں، ہم خود ایک حقیقت نامہ جاری کریں گے جس میں ایم کیو ایم کی سابق حکومت کی مالی بدعنوانیوں اور کراچی کے تباہ حال بلدیاتی اداروں کی حقیقت عوام کے سامنے رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت نے کراچی، حیدرآباد و دیگر شہری علاقوں میں متعدد جدید ترقیاتی منصوبے مکمل کئے جبکہ ایم کیو ایم کے دور میں شہر کھنڈر میں تبدیل ہو گیا تھا، اگر ایم کیو ایم واقعی کراچی اور حیدرآباد کے عوام کی خیر خواہ ہوتی تو یہ ادارے آج مالی بحران کا شکار نہ ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کراچی میں اپنی سیاسی ساکھ کھو چکی ہے، اب وہ عوام کو گمراہ کرنے کیلئے جھوٹے دعوے کر رہی ہے، فاروق ستار کا شمار سیاست کے بڑے شعبدہ بازوں میں ہوتا ہے، ان کے الزامات حقیقت سے زیادہ سیاسی شعبدہ بازی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ کراچی کے عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں ہر ممکن ریلیف فراہم کرے گی لیکن ایم کیو ایم کو ماضی میں کی گئی لوٹ مار کا بھی حساب دینا ہوگا۔

بقیہ نمبر 11

نہیں ہوئی تھی، ملزمان کی حوالگی کے لیے انسداد دہشت گردی کی عدالت کی وجوہات مضحکہ خیز ہیں، انسداد دہشت گردی کی عدالت کے ایڈمنسٹریٹو جج نے ملزمان کی حوالگی کے احکامات دیئے، عدالت نے ملزمان کو تفتیش مکمل ہونے سے پہلے ہی قصوروار لکھ دیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ راولپنڈی اور لاہور کی عدالتوں کے حکم ناموں کے الفاظ بالکل ایک جیسے ہیں، جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ لگتا ہے انسداد دہشت گردی کی عدالتوں کے جج کی انگریزی کے کافی مسائل ہیں۔ وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ ملزمان کی حوالگی کا حکم عدالت دے سکتی ہے ایڈمنسٹریٹو جج نہیں، آرمی ایکٹ سیکشن (1)59 کے تحت فوجی افسران کی قتل ودیگر جرائم میں سول عدالت سے کسٹڈی لی جا سکتی ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے وکیل سے کہا کہ میرے حساب سے تو (4)59 کا اطلاق بھی ان پر ہی ہوتا ہے جو آرمی ایکٹ کے تابع ہوں، آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت حوالگی تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی ممکن ہوگی۔ وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ جن مقدمات میں حوالگی کی درخواستیں دی گئیں ان میں آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی دفعات نہیں تھیں، جسٹس محمد علی مظہر نے وکیل سے کہا کہ ایک ایف آئی آر میں آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی دفعات بھی عائد تھیں جس پر وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ وہ ایف آئی آر مجھے ریکارڈ میں نظر نہیں آئی۔ بعدازاں سویلینز کے فوجی عدالتوں میں ملٹری ٹرائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیلوں کی سماعت میں مختصر وقفہ کر دیا گیا۔ وقفے کے بعد دوبارہ سماعت کا آغاز ہوا تو جسٹس حسن اظہر رضوی نے وکیل فیصل صدیقی سے کہا کہ حوالگی والی ایف آئی آر پڑھیں اس میں الزام فوجی تنصیب کے باہر توڑ پھوڑ کا ہے۔ وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ عدالتیں اسی لیے ہوتی ہیں کہ قانون کا غلط استعمال روکا جا سکے، احمد فراز کو شاعری کرنے پر گرفتار کیا گیا تھا، عدالت نے ریلیف دیا تھا، ان پر الزام تھا کہ شاعری کے ذریعے آرمی افسر کو اکسایا گیا، احمد فراز اور فیض احمد فیض کے ڈاکٹر میرے والد تھے، مجھ پر بھی اکسانے کا الزام لگا لیکن میں گرفتار نہیں ہوا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ہلکے پھلکے انداز میں وکیل کو کہا کہ آپ کو اب گرفتار کرا دیتے ہیں، وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ آپ جج کے ہوتے ہوئے مجھے کوئی کچھ نہیں کر سکتا۔ جسٹس مسرت ہلالی نے وکیل سے کہا کہ احمد فراز کی کونسی نظم پر کیس بنا تھا؟ مجھے تو ساری یاد ہیں، بطور وکیل کیس ہارنے کے بعد میں ہار میں بہت شور کرتی تھی، کہتی تھی جج نے ٹرک ڈرائیورز کی طرح اشارہ کہیں کا دیا اور گئے کہیں اور، میری بات کو گہرائی میں سمجھنے کی کوشش کریں۔ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ ٹرک تو میں چلا سکتی ہوں، میرے والد ایک فریڈم فائٹر تھے، ان کی ساری عمر جیلوں میں ہی گزری، میرے والد کی شاعری ان کی وفات کے بعد ایک پشتون جرگے میں کسی نے پڑھی تھی، وہاں میرے والد کی شاعری پڑھنے والا گرفتار ہو گیا تھا، شاعری پڑھنے والے نے بتایا کہ کس کا کلام ہے اور اس کی بیٹی آج کون ہے، میرے والد کی شاعری پڑھنے والے کو بہت مشکل سے رہائی ملی۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ وقت کے حساب سے شاعری اچھی بری لگتی رہتی ہے، جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ اب تو چرسی تکہ والے کو بھی اصلی چرسی تکہ لکھنا پڑتا ہے۔ وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ مجھے آپ تمام جج سے اچھے کی امید ہے جس پر جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ آپ پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھنے والے ہیں۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ ہلکے پھلکے انداز میں کچھ کہا چاہتا ہوں، شاعر احمد فراز نے تو عدالت میں یہ کہہ دیا تھا کہ یہ نظم میری ہے ہی نہیں، جسٹس افضل ظلہ نے کہا آپ کوئی ایسی نظم لکھ دیں کہ فوجی کے جذبات کی ترجمانی ہو جائے، احمد فراز نے اپنے دفاع میں کہا تھا کہ وسائل ہی نہیں کہ اپنی نظم کی تشہیر کر سکوں، آج کل تو سوشل میڈیا کا زمانہ ہے اس دور میں اگر احمد فراز ہوتے تو وہ یہ دفاع نہیں لے سکتے تھے۔ وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ اب جسٹس مسرت ہلالی نے بتا دیا ہے وہ فریڈم فائٹر کی بیٹی ہیں، جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ میں خود بھی ایک فائٹر ہوں، وکیل فیصل صدیقی نے جسٹس مسرت ہلالی سے کہا کہ اس میں تو کوئی شک نہیں ہے، وکلا تحریک میں آپ کا کردار یاد ہے۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے وکیل سے کہا کہ آپ کیس کے میرٹس پر دلائل دے رہے ہیں، اگر آرمی ایکٹ کی دفعات کالعدم ہو گئیں تو آپ کے دلائل غیر متعلقہ ہو جائیں گے۔ جسٹس امین الدین نے وکیل سے کہا کہ آپ بہت سی چیزوں کو کس کر گئے ہیں، وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ میں عدالت کے سامنے ایک مینیو رکھ رہا ہوں، مینیو میں مختلف آپشن ہیں، عدالت کوئی بھی لے سکتی ہے، مجھے تو ریلیف چاہیے وہ کسی بھی طرح ملے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے وکیل سے کہا کہ مینیو وہ والا رکھیں جو عملاً ممکن بھی ہو، جسٹس مسرت ہلالی نے وکیل سے کہا کہ آج بارش ہو رہی ہے، مینیو اس کے حساب سے ہی رکھیں۔ بعدازاں سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے ملٹری کورٹ میں سویلینز کے ملٹری ٹرائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت پیر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 12

اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور رہنما پی ٹی آئی عمر ایوب نے اپوزیشن قومی کانفرنس کے دوسرے روز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کانفرنس میں آئین اور قانون کی بالادستی کی بات ہوئی، سب نے پاکستان کی بقا کا تحفظ کرنے کا حلف اٹھایا ہے، اپوزیشن کی کانفرنس کو روکنا قابل مذمت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک اس وقت ترقی نہیں کر رہا، موجودہ حکومت کے پاس عوام کا مینڈیٹ نہیں، اشتہار چھاپنے سے ترقی نہیں ہوتی، ملک میں اس وقت افراتفری ہے، سندھ کے لوگ سراپا احتجاج ہیں، ہم بلوچستان میں عوام کو جلسے کی دعوت دیتے ہیں۔ عمر ایوب نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے واجبات وفاقی حکومت نے دینے ہیں وہ دیئے جائیں، ملک میں صرف سیاسی قیدیوں کو جیل میں ڈالا جا رہا ہے، ہم یہاں آئین اور قانون کی بالادستی کیلئے اکٹھے ہوئے ہیں، آرٹیکل 7 میں ریاست کی تعریف واضح طور پر لکھی ہے، ہم ریاست کو مضبوط کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا کہ حکومت اپوزیشن کی آواز سے ڈرتی ہے، ملک میں رویات کو روند دیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بات جمہوریت کی کرتے ہیں مگر اپوزیشن کی کانفرنس سے ڈرتے ہیں، آپ سوچوں پر پہرے نہیں لگا سکتے، ہم یہ نہیں کرنے دیں گے، اپوزیشن کی آوازوں کو دبایا جا رہا ہے، آئین کی پامالیاں جاری ہیں، یہاں پر ملک کی بہتری کیلئے ایجنڈا بنانے کی بات کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت سیاسی بحران ہے، آئین نام کی کوئی چیز نہیں، ریاست کے ساتھ جو معاہدہ تھا اس کو ختم کر دیا گیا، پکا قانون کے بعد آواز کو بند کر دیا گیا۔ مصطفیٰ نواز کھوکھر کا مزید کہنا تھا کہ موجودہ حکومت میں جو لوگ عہدوں پر فائز ہیں، وہ مستعفی ہوں، آزاد کشمیر، سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کی بات ہونی چاہیے، ہم ملک میں آئین کی بحالی کی تحریک کو جاری رکھیں گے۔ جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کسی ڈیل کا حصہ نہیں ہیں، اگر عمران خان ڈیل کرتے تو بہت پہلے لندن چلے جاتے، 8 فروری کو عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا گیا۔ سربراہ سنی اتحاد کونسل صاحبزادہ حامد رضا کا کہنا تھا کہ اب اسلام آباد میں بیٹھ کر چند افراد گفتگو بھی نہیں کر سکتے، آج اس کنونشن کو روکنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام سیٹیٹ اور قومی اسمبلی کے ارکان ہیں، سندھ سے آئے یہ رہنما اپنے لوگوں کو کیا جواب دیں گے؟ شکر ادا کرنا چاہیے کہ آئین کی بالادستی کی بات کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 13

حوالے کر دیا گیا ہے۔ موریطانیہ سے کشتی سے یورپ سمگلنگ کے لیے موجود 2 نوجوان بھی بے دخل کیے گئے ہیں۔ ایمیگریشن کے ذرائع کا کہنا ہے کہ یو اے ای سے بلیک لسٹ، منشیات سمگلنگ اور سزا یافتہ سمیت 45 پاکستانی ڈی پورٹ کیے گئے ہیں۔ اسی طرح سعودی عرب میں سزا پوری کرنیوالے 9 افراد سمیت 15 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا ہے جبکہ ملائیشیا سے ایک، عمان سے 2 اور قطر سے ایک پاکستانی کو ڈی پورٹ کر کے کراچی بھیجا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 14

پر وائرل ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے بحث کا موضوع بن گئی۔ نیوز 18 کے مطابق پورے ہندوستان میں بورڈ امتحانات کا سیزن ہے اور طلبہ پر دباؤ عروج پر ہے۔ ہر امتحان اہمیت رکھتا ہے لیکن بورڈ امتحانات کا خوف طلبہ کو بے خوابی، بے چینی اور ذہنی دباؤ میں مبتلا کر دیتا ہے۔ والدین بھی اپنے بچوں کے نتائج کے بارے میں پریشان رہتے ہیں اور خاص طور پر لڑکیوں پر اچھے نمبروں کے لیے زور دیا جاتا ہے، بصورت دیگر شادی کا دباؤ ڈال دیا جاتا ہے۔ ایسا ہی کچھ بہار کی اس طالبہ کے ساتھ ہوا جس کیلئے شادی بورڈ امتحان سے زیادہ اہم ثابت ہوئی۔ 22 فروری کو جب بہار بورڈ کا انگریزی کا پرچہ ہو رہا تھا، ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ایک طالبہ امتحان دینے جا رہی تھی کہ راستے میں اس کا محبوب ملا۔ اس نے بغیر کسی تاخیر کے لڑکی کی مانگ میں سندور بھر دیا اور شادی کر لی۔ یہ منظر نہ صرف جذباتی تھا بلکہ حیران کن بھی، کیونکہ لڑکی نے اس موقع کو قبول کرتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا۔ لڑکے نے اس پورے لمحے کی ویڈیو بنائی اور سوشل میڈیا پر شیئر کر دی، جس کے بعد یہ تیزی سے وائرل ہو گئی

بقیہ نمبر 15

نام سے ہوئی ہے۔ ریسکیو 1122 ایمبولینس سروس نے جاں بحق لڑکے کا جسد خاکی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چکوال منتقل کر دیا۔

بقیہ نمبر 16

، دوسروں کی سلامتی کو خطرہ نہیں ہے، ہر ایک کی علاقائی سالمیت کا احترام کرتی ہے، اقتصادی ترقی کو ہدف بنانی ہے، اور ہر ایک کی قومی خواہش کا احترام کرتی ہے،" انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل میں وزیر اعظم نیتن یاہو کی حکومت اسرائیل کی سلامتی کو دوریاستی حل میں نہیں بلکہ خطے میں اسرائیل توسیع پسندی میں دیکھتی ہے۔ فدان نے کہا کہ ترکیہ کی خارجہ پالیسی کی اولین ترجیح تنازعات میں کمی، جنگوں کا خاتمہ، مشرق وسطیٰ، قفقاز، بلقان، بحیرہ اسود، بحیرہ روم اور انٹینٹن سمیت عدم استحکام کا خاتمہ ہے اور جب ایسا ہوتا ہے تو لوگوں کو معاشی ترقی اور بنیادی خدمات فراہم کرنا آسان ہوتا ہے۔ فدان نے زور دے کر کہا کہ ترکیہ غزہ پر قبضہ کرنے اور فلسطینیوں کو زبردستی بے دخل کرنے کے ڈونلڈ ٹرمپ کے منصوبے کو قبول نہیں کرے گا اور اس منصوبے کو سنجیدگی سے نہیں لیا جانا چاہئے، اس معاملے پر ترکیہ کا موقف واضح ہے، شاید دنیا میں دو ممالک ہوں گے جو اس کی وکالت کریں گے۔ ایک امریکہ اور دوسرا اسرائیل اس کے علاوہ باقی دنیا اس کے خلاف ہے۔ غزہ میں جنگ بندی کے خاتمے اور اسرائیل کی جانب سے حملے جاری رکھنے کے امکان کے بارے میں پوچھے جانے پر فدان نے کہا کہ یہ اچھا نہیں ہوگا اور انہوں نے کہا کہ یقیناً انہیں یہاں خاص طور پر مصر، اردن اور خلیجی ممالک کے بارے میں رویہ اپنانے کی ضرورت ہے۔ دوسرے لفظوں میں انہیں اسرائیل کے بارے میں ایک رویہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے ۔ یہ رویے ناقابل برداشت ہیں۔

بقیہ نمبر 17

چیئنجز کے لیے ٹیم کی تیاری کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ اپنی تقریر پر، ندیم ظفر نے PDCA کے صدر عرفان میراج اور ایگزیکٹو کمیٹی کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ان پر اعتماد کیا۔ "میں صدر عرفان میراج، نائب صدر سید اشفاق حیدر، جنرل سیکرٹری شوکت علی منیر، فنانس سیکرٹری عبدالرحمٰن یوسف، پریس سیکرٹری محمد ساجد اور ایگزیکٹو ممبر علی رضا کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھ پر بھروسہ کیا۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ میں اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے قومی ڈیف کرکٹ کھلاڑیوں کی مہارت اور تکنیک کو بہتر بنانے میں مدد کروں گا اور انہیں بین الاقوامی سطح پر مزید کامیاب بنانے کی کوشش کروں گا۔" ندیم ظفر وسیع کوچنگ تجربہ رکھتے ہیں اور اس سے قبل پاکستان ڈیف کرکٹ ٹیم کے علاوہ خواتین کرکٹرز کو بھی کوچنگ دے چکے ہیں۔ ان کی تربیت یافتہ کئی کھلاڑی اپنی متعلقہ ٹیموں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں اور قومی و بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کر رہے ہیں۔ PDCA کی جانب سے ان کی تقرری کو ٹیم کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ایک اہم فیصلہ قرار دیا جا رہا ہے۔ ان کے تجربے اور مہارت سے قومی ڈیف کرکٹ ٹیم کو فائدہ پہنچے گا، اور وہ کھلاڑیوں کی تکنیکی بہتری کے ساتھ ساتھ پاکستان کو ڈیف کرکٹ میں مزید کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 18

بورڈ میں 50، 60 لاکھ روپے تنخواہ پر مینٹور بنا دیے گئے ہیں، بیان دیتے ہیں انہیں چاہئی تھیں کہ ان کا کام کیا ہے، ایک چیئرمین کی بات نہیں یہ ایک سلسلہ ہے، پچھلے 10 سال دیکھیں بورڈ میں کیا ہوتا رہا ہے، کالج اور کلب گیمز کی کیا حالت ہے ان پر کیا پیسہ خرچ ہو رہا ہے، اوپر آ کر کس قسم کے اخراجات ہیں یہ چیزیں قوم کے سامنے آنی چاہئیں۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کام نہ کرنے کے 50 لاکھ روپے مہینہ لے رہے ہیں، دوسرے ذمہ داران کی مراعات آپ دیکھیں تو پریشان ہو جائیں، یہ پاکستان ہے یا کوئی یورپی ترقی یافتہ ملک ہے، یہ چیزیں ایسی ہیں وزیر اعظم خود اس کا نوٹس لیں گے اور ہم بھی کہیں گے کابینہ اور پارلیمنٹ میں ڈسکس کیا جائے، یہ سلسلہ کئی سالوں سے چلا آ رہا ہے کہ اپنی طاقت پر لوگ بورڈ میں آتے ہیں اپنی مرضی کرتے ہیں اور پھر کرکٹ کا یہ حال ہے۔ ان کا کہنا تھا دوسری اسپورٹس ایسوسی ایشنز میں بھی لوگ ریٹائر ہو کر وہاں آتے ہیں اور سیر سپاٹے کے لیے براجمان ہو جاتے ہیں۔ کابینہ میں نئے وزرا کی شمولیت سے متعلق سوال پر رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا نئے وزرا کی شمولیت سے حکومت کی پالیسیوں میں کوئی فرق نہیں آئے گا، حکومت نے معاملات کو ٹھنڈا کرنا ہوتا ہے اور سب کو ساتھ لے کر چلنا ہوتا ہے۔ پیپلز پارٹی کے تحفظات کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما مسلم لیگ ن کا کہنا تھا اتحاد کو قائم رکھنا ان کی اور ہماری بھی مجبوری ہے، پیپلز پارٹی کو پتا ہے کہ ہمارے بغیر وہ حکومت بنا سکتے ہیں اور نا ان کے بغیر ہم حکومت چلا سکتے ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ہمارے اپنے ارکان کو بھی گلے شکوے رہتے ہیں، تحفظات ہیں اور چھوٹے موٹے تحفظات آئندہ بھی رہیں گے لیکن وزیر اعظم نے اس حوالے سے ایک کمیٹی قائم کر رکھی ہے جس میں ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے افراد شامل ہیں، اس کمیٹی کے اجلاس ہوتے رہتے ہیں اور تحفظات پر بات چیت کے علاوہ مسائل حل بھی ہوتے ہیں، ہم ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں، جمہوریت ڈائیلاگ سے ہی آگے بڑھتی ہے، ڈیڈ لاک سے نہیں۔ اپوزیشن کے گرینڈ الائنس سے متعلق سوال پر رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا اپوزیشن کے گرینڈ الائنس میں فضل الرحمان، شاہد خاقان عباسی، محمود خان اچکزئی جیسے سمجھدار سیاستدان ہیں، اپوزیشن کا گرینڈ الائنس ملکی سیاست اور جمہوریت کے لیے بہتر ہوگا۔ پاکستان میں کرکٹ کی موجودہ صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم کے معاون خصوصی کا کہنا تھا پاکستان کرکٹ بورڈ کرکٹ بورڈ آزاد ادارہ ہے جو چاہے کر سکتا ہے، میری ذاتی رائے ہے کرکٹ بورڈ نے جو کیا ہے ذاتی رائے ہیکہ کابینہ اور پارلیمنٹ میں بحث ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 19

بھگتنے کے بعد اپنے اہلخانہ سے ملاقات کی۔ رام اللہ میں رہا ہونے والے فلسطینی قیدی یحییٰ شریدہ نے اسرائیلی جیلوں کو "زندہ قبریں" قرار دیا اور کہا "ہمیں ایسی اذیت سے نکالا گیا ہے جیسے ہمیں اپنی ہی قبر سے نکالا گیا ہو۔" عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی قید سے واپس آنے والے کئی قیدیوں کی حالت انتہائی خراب تھی، کچھ کے اعضا نہیں تھے اور ممکنہ طور پر تشدد کر کے ان کو معذور کیا گیا ہے۔ کچھ کو ان کے زخموں کی شدت کی وجہ سے ایمبولینس میں غزہ منتقل کیا گیا ہے۔ یہ رہائی جنگ بندی معاہدے کے پہلے مرحلے کا حصہ ہے، جس کے تحت حماس نے جنگ میں مارے جانے والے چار اسرائیلی یرغمالیوں کی لاشیں حوالے کیں۔ یکم مارچ کو جنگ بندی کے پہلے مرحلے کا اختتام ہو رہا ہے، اور مذاکرات کے دوسرے مرحلے کی امید برقرار رکھنے کے لیے ثالث بھرپور کوششیں کر رہے ہیں، تاہم اسرائیلی حکومت کے اندر جنگ دوبارہ شروع کرنے کے مطالبات اس کوشش کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

ملزم کی بیوی پر باس نے کمپنی سے کروڑوں ڈالر چرانے کا الزام لگایا تھا۔ امریکی محکمہ ٹیکس (آئی آر ایس) کی تحقیقات کے مطابق خاتون نے چوری شدہ رقم سے مہنگی گلٹری اشیا خریدیں۔ بیالیس سالہ ولیم کوسٹا کو اغوا، سازش، بہتہ خوری اور زبردستی کرنے کے الزامات میں گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم کی بیوی سنتھیا سنڈی مارابیلا اپنے سابقہ ادارے 'گلمور کنسٹرکشن ایل ایل سی' میں مالیاتی کنٹرولر کے عہدے پر کام کر رہی تھی۔ اس نے سات سال کے دوران مبینہ طور پر 20 ملین ڈالر (تقریباً 5 ارب 60 کروڑ روپے) چرائے۔ نیوز 18 کے مطابق یہ اغوا اس وقت ہوا جب کمپنی کے مالک لیری گلمور اپنے دفتر جا رہے تھے۔ راستے میں انہیں ایک جانی رنگ کی لیمبورگینی نظر آئی جو وہی گاڑی تھی جسے مارابیلا نے چوری شدہ رقم سے خریدا تھا۔ کچھ ہی دیر بعد ایک شیورلیٹ سبربن گاڑی ان کی پورشے سے ٹکرا گئی۔ جب گلمور گاڑی سے باہر نکلے تو ایک شخص ان کے پاس آیا، معذرت کی اور ان کے بچوں کی تصاویر دکھائیں۔ اسی لمحے ایک اور شخص آیا، گلمور کو گھونسہ مارا اور گردن دبوچ کر زبردستی گاڑی میں ڈال دیا۔ ملزمان نے ان کے ہاتھ باندھ کر سر پر تھیلا ڈال دیا اور ان کے موبائل فون اور سمارٹ واچ کو مکم

آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت حوالگی تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی ممکن ہوگی، آئینی بنچ

کمانڈنگ افسرز نے ملزمان حوالگی کیلئے درخواستیں دیں' آغاز ہی ان الفاظ سے ہوا کہ ابتدائی تفتیش میں آفیشل سیکرٹ ایکٹ کا جرم بنتا ہے

راولپنڈی اور لاہور کی عدالتوں کے حکم ناموں کے الفاظ ایک جیسے' لگتا ہے انسداد دہشتگردی عدالتوں کے ججز کی انگریزی کے مسائل ہیں' ججز

اسلام آباد(این ای این) فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کے دوران جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے ہیں کہ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت حوالگی تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی ممکن ہوگی ۔سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7رکنی آئینی بنچ کر رہا ہے۔ سماعت کے آغاز پر سول سوسائٹی کے وکیل فیصل صدیقی نے دلائل دیتے ہوئے کہا ہے کہ کمانڈنگ افسرز نے ملزمان کی حوالگی کے لیے درخواستیں دیں، درخواستوں کا آغاز ہی ان الفاظ سے ہوا کہ ابتدائی تفتیش میں آفیشل سیکرٹ ایکٹ کا جرم بنتا ہے، درخواست کے یہ الفاظ اعتراف ہیں کہ تفتیش مکمل (بقیہ نمبر 11)

عوام کی آواز دبایا نہیں جا سکتا، اپوزیشن ہمارا کانفرنس کامیاب رہی گو

میں نے مشورہ دیا تھا کہ کے پی ہاؤس میں کانفرنس کرلیں، اپوزیشن کی سٹیئرنگ کمیٹی کا فیصلہ تھا کہ کانفرنس ادھر کی جائے' چیئرمین پی ٹی آئی

کانفرنس میں آئین' قانون کی بالادستی کی بات ہوئی' سب نے ملکی بقا کا تحفظ کرنیکا حلف اٹھایا' اپوزیشن کی کانفرنس کو روکنا قابل مذمت ہے

اسلام آباد(این ای این) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ عوام کی آواز کو دبایا نہیں جاسکتا، اپوزیشن کی کانفرنس کامیاب ہوگئی ہے۔اسلام آباد میں اپوزیشن قومی کانفرنس میں شرکت سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ عوام اٹھ چکے ہیں، عوام کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا، اپوزیشن کی کانفرنس کامیاب ہوگئی ہے، میں نے مشورہ دیا تھا کہ کے پی ہاؤس میں کانفرنس کرلیں، اپوزیشن کی سٹیئرنگ کمیٹی کا فیصلہ تھا کہ کانفرنس ادھر کی جائے۔چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ انقلاب کی بات نہیں، عوام کی آواز اٹھانی چاہیے اور وہ اٹھ چکی ہے، حکومت میں بیٹھے لوگوں کی عوام میں کوئی مقبولیت نہیں ہے۔قومی (بقیہ نمبر12)

عدلیہ کو آزاد اور ملک میں قانون کی حکمرانی ہونی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ میں نے مشورہ دیا تھا کہ کے پی ہاؤس میں کانفرنس کرلیں، اپوزیشن کی سٹیئرنگ کمیٹی کا فیصلہ تھا کہ کانفرنس ادھر کی

کرکٹ بورڈ میں مینٹور کتنی تنخواہیں لے رہے ہیں؟

مینٹور 50 سے 60 لاکھ روپے تنخواہ لے رہے ہیں' رانا ثناء اللہ کا انکشاف

لاہور(این ای این) وزیراعظم کے معاون خصوصی رانا ثنا اللہ کا کہنا ہے پاکستان کرکٹ بورڈ میں مینٹور 50 سے 60 لاکھ روپے تنخواہ لے رہے ہیں لیکن انہیں پتہ ہی نہیں کہ ان کا کام کیا ہے۔وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ کرکٹ (بقیہ نمبر18)

سیکرٹری ہیلتھ عظمت سعید الائیڈ ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں اس موقع پر کمشنر مریم خان بھی ہمراہ ہیں

آئین، جمہوریت ووٹ کے تقدس کی بات کرنی ہوگی

ہمیں آئین کو ہر صورت برقرار، عدالتوں کی آزادی کیلئے جدوجہد کرنی چاہیے

اسلام آباد (انٹرنیوز) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ ماضی کی غلطیوں کو دہرانے کی بجائے آئین، جمہوریت، عوام کے ووٹ کے تقدس کی بات کرنی ہوگی، ہمیں آئین کو ہر صورت برقرار، عدالتوں کی آزادی کیلئے جدو جہد کرنی (بقیہ نمبر 21)

ندیم ظفر گوندل پاکستان ڈیف کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مقرر

لاہور(این ای این) پاکستان ڈیف کرکٹ ایسوسی ایشن (PDCA) نے ندیم ظفر گوندل کو پاکستان ڈیف کرکٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کر دیا ہے، انہیں قومی اور بین الاقوامی (بقیہ نمبر17)

ساڑھے 5 ارب روپے چرانے والی بیوی کو بچانے کیلئے شوہر نے اس کے باس کو اغوا کرلیا

واشنگٹن (این ای این) لاس ویگاس کے رہائشی ایک شخص نے انتہائی قدم اٹھاتے ہوئے اپنی بیوی کے باس کو اغوا کرلیا۔ (بقیہ نمبر20)

حکومت پر تنقید، ویتنام میں صحافی کو 30 ماہ قید کی سزا سنادی گئی

ہنوئی (انٹر نیوز) ویتنام میں عدالت نے صحافی کو سوشل میڈیا مضامین کے ذریعے ریاستی مفادات کی خلاف ورزی اور جمہوری آزادی کے غلط استعمال پر 30 ماہ قید کی (بقیہ نمبر22)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب شجاع الرحمٰن محکمہ خزانہ کے کمیٹی روم میں پنجاب ریسورس امپروومنٹ اینڈ ڈیجیٹل انکلوئیس پروگرام پرائڈ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملکی معیشت درست سمت میں چل پڑی' کرنسی مستحکم' مہنگائی کم ہوئی

پشاور(این ای این) وفاقی وزیر خزانہ وینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت درست سمت میں چل پڑی ہے، پی آئی اے کی نجکاری دوسری بار کی جارہی ہے جبکہ کرپٹو کرنسی کیلئے کونسل بنانے پر مشاورت جاری ہے۔وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پاکستان استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے، کرنسی مستحکم، مہنگائی کم اور فارن ایکسچینج ٹھیک ہو رہے ہیں، معیشت کو کیسے آگے لایا جائے اس پر مشاورت جاری (بقیہ نمبر47)

ویٹی کن، پوپ فرانس کی طبیعت بدستور تشویشناک

ویٹی کن سٹی (این ای این) کیتھولک عیسائیوں کے مذہبی پیشوا، پوپ فرانس کی طبیعت کے حوالے سے اہم تفصیلات سامنے آئی ہیں۔ان کی طبیعت بدستور تشویشناک ہے، لیکن انہوں نے ہسپتال میں پرسکون رات گزاری۔ ڈبل نمونیہ کی تشخیص کے بعد (بقیہ نمبر48)

پنجاب بلدیاتی انتخابات نہ کرانے کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

پاکستان کے آئین کے مطابق لوکل گورنمنٹ کے انتخابات نہ کرانا احتساب اور لوکل سیل گورننس کی روح کو مجروح کرتا ہے

عدالت فریقین کو پنجاب میں 90 دن کے اندر بلدیاتی انتخابات کرانے کی ہدایت کرے، درخواست میں استدعا

لاہور(این ای این) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات نہ کرانے کا اقدام لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔جماعت اسلامی لاہور کے امیر ضیاء الدین انصاری نے ایڈووکیٹ چودھری ذوالفقار علی کے وساطت سے درخواست عدالت عالیہ میں دائر کی، درخواست (بقیہ نمبر24)

مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف سے کے پی کے کی صوبائی تنظیم کے ذمہ دار ملاقات کر رہے ہیں

حکومت سندھ نے ایم کیو ایم کے الزامات مسترد کردیئے

فاروق ستار بڑے شعبدہ باز، ایم کیو ایم سیاسی ساکھ کھو چکی' شرجیل میمن

کراچی (این ای این) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے ایم کیو ایم رہنماء فاروق ستار کے الزامات مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیو ایم سیاسی ساکھ کھو چکی، عوام کو گمراہ کرنے کیلئے جھوٹے دعوے کر رہی ہے، فاروق ستار کے الزامات حقیقت سے زیادہ (بقیہ نمبر10)

موٹروے پر 150 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار پر جرمانہ ہوگا، ترجمان

اسلام آباد(این ای این) موٹروے ساتھ زون پولیس نے بڑا فیصلہ کیا ہے، ترجمان موٹروے کا کہنا ہے کہ موٹروے پر 150 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار پر جرمانہ ہوگا۔ (بقیہ نمبر 8)

چیمپئنز ٹرافی' پاک بنگلا بے معنی میچ بھی بارش کی نذر

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں آج پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان ہونیوالا گروپ اے کا بے معنی میچ بارش کی نذر ہوگیا

میچ میں پاکستان اور بنگلا دیش کی ٹیموں نے ایک دوسرے کے مدمقابل آنا تھا تاہم بارش اور گیلی آؤٹ فیلڈ کے باعث ٹاس بھی نہ ہوسکا

راولپنڈی (این ای این) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں آج پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان ہونیوالا گروپ اے کا بے معنی میچ بارش کی نذر ہو گیا۔راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں شیڈول گروپ اے کے میچ میں پاکستان اور بنگلا دیش کی ٹیموں نے ایک دوسرے کے مدمقابل آنا تھا تاہم بارش اور گیلی آؤٹ فیلڈ کے باعث ٹاس بھی نہ ہوسکا۔میچ کا ٹاس مقامی وقت کے مطابق دوپہر ڈیڑھ بجے ہونا تھا جبکہ میچ دوپہر 2 بجے شروع ہونا تھا تاہم امپائرز نے فیلڈ کا جائزہ لیا جس کے بعد میچ کو منسوخ کر دیا گیا اور دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ دیا (بقیہ نمبر36)

AWAMI HOST
A WHOLE SALE HOSTING COMPANY
Visit now: www.awamihost.top

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوایں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

نئے تعلیمی سال کیلئے انرولمنٹ مہم کے آغاز پر طالبات مہمانوں کا استقبال کر رہی ہیں

عرب ممالک غزہ کی تعمیر نو پر کام کر رہے ہیں' ترک وزیر

غزہ پر قبضہ اور فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کے منصوبے کو قبول نہیں کر سکتے، خاقان

انقرہ(این ای این) ترکیہ کے وزیر خارجہ خاقان فدان نے کہا ہے کہ غزہ پر قبضہ اور فلسطینیوں کی جبری طور پر بے دخلی کے منصوبے کو قبول نہیں کر سکتے، عرب ممالک غزہ کی تعمیر نو، امن و انتظامیہ اور سلامتی کے منصوبے پر کام کر رہے ہیں۔ترک میڈیا کے مطابق اپنے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا ہم ایک ایسی خارجہ پالیسی پر عمل کرتے ہیں جو تعمیری ہے (بقیہ نمبر16)

طالب علم کے اندھے قتل کا معمہ' قاتل سگا بھائی نکلا

وجہ آئے روز کی ڈانٹ، ڈپٹ، سبق نہ پڑھنے کا شاخسانہ نکلا' ملزم کا اعتراف جرم

نوشہرہ(این ای این) تھانہ نوشہرہ کلاں پولیس نے (عبدالولی خان یونیورسٹی) کے BS کے طالب علم اندھے قتل کیس کا معمہ حل کر دیا ۔قاتل اپنا ہی سگا چھوٹا بھائی نکلا، وجہ آئے روز کی ڈانٹ، ڈپٹ، سبق نہ پڑھنے کا شاخسانہ نکلا، گرفتار ملزم نے اعتراف جرم کرلیا جس کی نشاندہی پر آلہ قتل بھی برآمد کرلیا گیا۔تفصیلات کے مطابق مورخہ (بقیہ نمبر 23)

یورپی یونین کی بنیاد امریکا کو تباہ کرنے کیلئے رکھی گئی

یورپی یونین نے حقیقت میں ہمارا فائدہ اٹھایا ہے، امریکی صدر ٹرمپ

واشنگٹن(این ای این) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ سچ بولیں تو، یورپی یونین کی بنیاد امریکا کو تباہ کرنے کے لیے رکھی گئی تھی، یورپی یونین نے اس مقصد کے تحت کامیابی بھی حاصل کی ہے، اب جب میں صدر ہوں، وہ جوابی کارروائی نہیں کر سکتے۔ ڈونالڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں دعاوں کے ساتھ شروع ہونے والے کابینہ کے (بقیہ نمبر25)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق بچوں کی کامیاب ہارٹ سرجری کے بعد والدین سے گفتگو کر رہے ہیں

راولپنڈی، گیس لیکیج دھماکہ 2 بچوں سمیت 4 افراد زخمی

دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں میاں، بیوی اور 2 بچے جھلس کر زخمی ہوگئے

راولپنڈی (انٹرنیوز) راولپنڈی میں گیس لیکیج کے باعث گھر میں دھماکے سے میاں، بیوی سمیت 2 بچے جھلس کر زخمی ہوگئے۔ریسکیو حکام کے مطابق راولپنڈی تھانہ پیرودھائی کے علاقہ فوجی کالونی میں گیس لیکیج کے باعث دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں میاں، بیوی اور 2 بچے جھلس کر زخمی ہوگئے۔زخمیوں کو برنز (بقیہ نمبر26)

جمہوریت کی بات کرنیوالے اپوزیشن کانفرنس سے خوفزدہ

اسلام آباد(انٹرنیوز) سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا ہے کہ جمہوریت کی بات کرنیوالے اپوزیشن کی کانفرنس سے ڈرتے ہیں، سوچوں پر پہرے نہیں (بقیہ نمبر27)

نہ نومن تیل تھا نہ رادھا ناچی' عقیل ملک کا پر ردعمل

چند افراد کے اجتماع کو قومی کانفرنس کا نام دینے کی ناکام کوشش کی گئی

اسلام آباد(این ای این) مشیر قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ نہ نومن تیل تھا نہ رادھا ناچی۔اپوزیشن کی قومی کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ اگر ہزاروں کا مجمع تھا تو ویڈیوز کہاں ہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ چند افراد ایک آڈیٹوریم میں جمع ہوئے ہیں، حکومت آئین اور جمہوریت کے مطابق کام کر رہی ہے۔مشیر قانون بیرسٹر (بقیہ نمبر32)

مصطفیٰ قتل کیس' بیٹے کے ملوث ہونے پر اداکار کا بیان

ساحر حسن نے مصطفیٰ' ارمغان سمیت دیگر افراد کو منشیات فروخت کرنیکا اعتراف کیا

کراچی(این ای این) معروف اداکار ساجد حسن نے اپنے بیٹے ساحر حسن کے مصطفیٰ عامر قتل کیس میں ملوث ہونے کے حوالے سے میڈیا سے بات کی ہے۔ساجد حسن کا کہنا ہے کہ ان کے بیٹے کو پہلے ہی مجرم سمجھ لیا گیا ہے، حالانکہ ابھی تک کوئی ثبوت سامنے نہیں آیا ہے۔ساجد حسن نے کہا کہ مصطفیٰ عامر کا قتل ایک المناک واقعہ ہے، اور مصطفیٰ کی والدہ (بقیہ نمبر33)

مصطفیٰ قتل کیس' ملزمان کے ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع

مجھے مسلسل اذیت میں رکھا جا رہا ہے، مجھے کھانا نہیں دیا جا رہا' ملزمان

کراچی(این ای این) کراچی کی انسداد دہشتگردی عدالت نے مصطفیٰ عامر قتل کیس میں ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 5 دن کی توسیع کردی اور ملزمان کا میڈیکل کرانے کا حکم دے دیا۔سینٹرل جیل میں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں مصطفیٰ عامر قتل کیس کی سماعت ہوئی، جہاں پولیس نے ملزمان ارمغان اور شیراز کو پیش کیا، ملزم ارمغان (بقیہ نمبر35)

صوبائی وزیر تعلیم' چیف سیکرٹری پنجاب سٹیم مقابلہ جات میں پوزیشنز ہولڈر میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

بدعنوانی ریفرنس' پرویز الٰہی کو حاضری سے مستقل استثنیٰ حاصل

سابق وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کے پلیڈر انوار حسین حاضری کے لیے پیش ہوئے

لاہور(این ای این) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کو احتساب عدالت لاہور سے بڑا ریلیف مل گیا۔گجرات ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن اور کک بیکس ریفرنس پر احتساب عدالت نے پرویز الٰہی کو حاضری سے مستقل استثنیٰ دے دیا۔عدالت نے (بقیہ نمبر 5)

دوران مرمت حادثات' نیپرا نے 1 کروڑ جرمانہ کردیا

سیفٹی پروٹوکولز پر عمل درآمد نہ کرنا نیپرا ایکٹ کی خلاف ورزی ہے' نیپرا

اسلام آباد(این ای این) نیشنل الیکٹرک اینڈ پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے مرمت کے کام کے دوران حادثات کی وجہ سے این ٹی ڈی سی کو ایک کروڑ روپے جرمانہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیفٹی پروٹوکولز پر عمل درآمد نہ کرنا نیپرا ایکٹ کیخلاف ورزی ہے، این ٹی ڈی سی ایک کروڑ روپے جرمانہ 3 ماہ کے اندر نیپرا کو جمع کرائے۔ نیپرا نے فیصلے میں کہا کہ (بقیہ نمبر40)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔0309-7900035

بورڈ کا امتحان دینے گئی لڑکی نے راستے میں ہی شادی کرلی

نئی دہلی (این ای این) بھارتی ریاست بہار میں طالبہ نے بورڈ امتحان کیلئے سینٹر جاتے ہوئے راستے میں اپنے محبوب سے شادی کرلی۔اس واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا (بقیہ نمبر 14)

بینکوں میں موجود 1 لاکھ 79 ہزار 689 روپے یا اس سے زائد رقم پر زکوٰۃ کٹوتی ہوگی

اسلام آباد(این ای این) وزارت تخفیف غربت نے رمضان المبارک کی آمد سے قبل زکوٰۃ نصاب کا اعلان (بقیہ نمبر 28)

رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کیلئے رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا

پشاور(این ای این) چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس (بقیہ نمبر 29)

6 ملکوں سے مزید 67 پاکستانی ڈی پورٹ، 5 گرفتار

یو اے ای سے بلیک لسٹ، منشیات سمگلنگ اور سزا یافتہ سمیت 45 پاکستانی ڈی پورٹ

اسلام آباد(این ای این) موریطانیہ، ملائیشیا اور امارات سمیت 6 ملکوں سے مزید 67 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ جبکہ 5 کو پاکستان پہنچنے پر گرفتار کرلیا گیا۔امیگریشن ذرائع کے مطابق بے دخل کیے گئے 5 مسافروں کو کراچی میں انسداد انسانی سمگلنگ سرکل کے (بقیہ نمبر13)

وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کو اپنی چھت اپنا گھر اسکیم بارے بریفنگ دی جارہی ہے

علماء نفرت آمیز و اشتعال انگیز مواد پر نظر رکھیں' شافع

اتحاد کے فقدان کے باعث کشمیر، فلسطین کے لوگ مظالم برداشت کر رہے

لاہور(این ای این) وزیر اوقاف پنجاب چودھری شافع حسین نے کہا ہے کہ قیام امن کے فروغ میں متحدہ علما بورڈ کا کلیدی کردار ہے، سوشل میڈیا پر پھیلائے جانیوالے نفرت آمیز و اشتعال انگیز مواد پر بھی نظر رکھی جائے۔جمعرات کو وزیر اوقاف پنجاب شافع (بقیہ نمبر30)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ایف آئی سی فیصل آباد میں بچوں کی کامیاب ہارٹ کرنے والے یو کے کے ڈاکٹرز سے ملاقات کر رہے ہیں

لڑکی کی قبر کھودنے پر اکثریت باشعور انکشاف سامنے آگئے

ایک بابا نے بتایا کہ قبرستان میں کچھ دبا ہوا ہے وہ نکالو گے تو سب ٹھیک ہو جائے گا، ملزم کا ابتدائی مؤقف

ڈیوٹی پر موجود تھا کہ مرزا سلیمان نے بتایا کہ بیٹی فوت ہوئی جس کی تدفین چونترہ کے مقامی قبرستان میں کی' مدعی مقدمہ

راولپنڈی(این ای این) تھانہ چونترہ کی حدود میں واقع قبرستان میں لڑکی قبر کھودنے والے شخص کو گرفتار کرلیا گیا۔پولیس کے مطابق ملزم یاسین بخاری کے قبضے سے آدھے انسانی دھڑ کا مٹی کا پتلا، 7 تعویز اور لوہے کی تار سے بندھی 7 کیلیں وغیرہ برآمد ہوئی ہیں۔پولیس نے رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے جائے تدفین پر مداخلت کرنے کے جرم میں تعزیرات پاکستان کی دفعہ 297 کے تحت سب انسپکٹر اسلم پرویز کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا۔مدعی مقدمہ کے مطابق ڈیوٹی پر موجود تھا کہ مرزا سلیمان نے بتایا کہ بیٹی فوت ہوئی جس (بقیہ نمبر34)

ڈی آئی جی عمران کشور پولیس ملازمین کے اہل خانہ میں گروپ انشورنس چیک تقسیم کر رہے ہیں

رواں سال جنوری میں 63 ہزار افراد نوکری کیلئے بیرون ملک چلے گئے

پشاور(این ای این) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے موجودہ حکومت میں لاکھوں افراد کے ملک چھوڑنے کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہباز شریف حکومت میں ملک سے 20 لاکھ لوگ ہجرت کر چکے ہیں، جب پڑھے لکھے تربیت یافتہ لوگ ملک چھوڑ چکے تو (بقیہ نمبر41)

تحریک تحفظ آئین کا اجلاس نہ ہونے دینے کا مطلب نظام آئین کیخلاف ہے: بابر اعوان

اسلام آباد (این ای این) رہنما پاکستان تحریک انصاف بابر اعوان نے کہا ہے کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اجلاس نہیں ہونے دیا گیا اس کا مطلب ہے کہ یہ نظام آئین کے خلاف ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ (بقیہ نمبر42)

KP کے لوگوں کی آواز کو دبایا جارہا ہے' شیخ وقاص

تحریک تحفظ آئین کانفرنس کو روکنے کی کوشش کی گئی، ہوٹل انتظامیہ کو دھمکیاں دی گئیں

پشاور(این ای این) پی ٹی آئی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ احتجاج کرنا ہمارا حق ہے، اس صوبے کے لوگوں کی آواز کو دبایا جارہا ہے، آئین ہمیں اجازت دیتا ہے کہ ہم حق کی بات کرسکیں۔عوام اپنے حق کی بات کرتے ہیں تو ان لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے۔پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شیخ وقاص اکرم نے (بقیہ نمبر43)

ضرورت نمائندگان
Daily Awami Lalkaar
LALKAAR
دُنیا بھر سے میل / فی میل نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہو جائیں۔
بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر | سٹی رپورٹر | نمائندہ خصوصی | کرائم رپورٹر
نامہ نگار | سٹاف رپورٹر | مارکیٹنگ بزنس رپورٹر | جنرل رپورٹر
نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے
0312-7786354